# سورۃ کوثر

# کے کرشمات

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ
پی ایچ ڈی (امریکہ)

# سورۃ کوثر کے کرشمات

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ
پی ایچ ڈی (امریکہ)

Qureshi Rohani.world

# فہرست مضامین



| نمبر شمار | فہرست مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | حال دل | 7 |
| 2 | سورۃ کوثر کے فضائل | 9 |
| 3 | 270 روپے میں پٹرول کی ٹینکی فل | 15 |
| 4 | سورۃ کوثر سے خراب موٹر سائیکل کا علاج | 15 |
| 5 | CNG کے ایک سلنڈر سے پورا ہفتہ گزر گیا | 15 |
| 6 | سامان جلدی فروخت ہو جاتا ہے | 16 |
| 7 | پانچویں سے بارہویں گریڈ میں ترقی | 16 |
| 8 | پٹرول کی آدھی ٹینکی سے لاہور اور ملتان کا سفر | 16 |
| 9 | سرخ پوائنٹ پر گاڑی کا 42 کلومیٹر سفر | 17 |
| 10 | لڑائی جھگڑے کا خاتمہ | 18 |
| 11 | شدید ایکسیڈنٹ سے بچ گیا | 18 |
| 12 | خراب گاڑی سٹارٹ ہو گئی | 18 |
| 13 | تھیلی سے ضرورت کے وقت 5 سو روپے نکل آئے | 19 |
| 14 | ایک ہی سال میں دو بہنوں کی شادی | 19 |
| 15 | شدید ایکسیڈنٹ میں بھی فوراً آرام ملا | 20 |
| 16 | فوراً سواری مل جاتی ہے | 21 |
| 17 | بیوی کی مکان بنا کر نام کروانے کی خواہش | 21 |
| 18 | موبائل کی بیٹری اب ختم نہیں ہوتی | 22 |
| 19 | ایسے کمالات کہ بتا نہیں سکتا | 22 |
| 20 | قتل و غارت میں اللہ نے حفاظت فرمائی | 23 |
| 21 | گاڑی کا پھٹا ہوا ٹائر بالکل ٹھیک ہو گیا | 23 |
| 22 | پمپ ملازم نے فری پٹرول ڈال دیا | 23 |



Qureshi Rohani world

| | | |
|---|---|---|
| 23 | خطرے کی حالت میں بھی نارمل ڈلیوری | 24 |
| 24 | بھٹہ مالک کی اینٹیں کم دینے پر معذرت | 24 |
| 25 | دلی خواہش کے مطابق بیٹی کا رشتہ طے | 25 |
| 26 | اللہ نے رشوت سے بچالیا | 25 |
| 27 | سورۃ کوثر کے گاڑی پر مشاہدات | 26 |
| 28 | الجھی ہوئی زندگی 2 سورتوں نے سلجھادی | 26 |
| 29 | اللہ پاک کی طرف سے غیبی مدد | 27 |
| 30 | اللہ کے فضل سے بچہ بالکل نارمل پیدا ہوا | 27 |
| 31 | جتنا پڑھا اتنی ہی پریشانیاں ختم ہوئیں | 28 |
| 32 | میرا کاروبار نقصان سے بچ گیا | 28 |
| 33 | خودکشی کی کوشش سے......خوشحالی تک | 28 |
| 34 | جوائننگ کے باوجود ٹرانسفر آرڈر کینسل ہوگیا | 29 |
| 35 | حالات میں بہتری آنا شروع ہوگئی | 30 |
| 36 | جنات نے گاڑی کے ٹائروں کے نٹ کھول دیئے | 30 |
| 37 | شدید بخار میں مبتلا بچی دم کرنے سے ٹھیک | 30 |
| 38 | خواب میں مرشد کیساتھ رسول ﷺ کی طرف سفر | 31 |
| 39 | بیٹی کی شادی غیب سے 15 لاکھ کا انتظام | 31 |
| 40 | سورۃ کوثر کی برکت سے بجلی کا بل کم آیا | 32 |
| 41 | وقت اور پٹرول میں برکت | 32 |
| 42 | کینیڈین امیگریشن کا مسئلہ حل ہوگیا | 32 |
| 43 | بجلی اور گیس کے میٹر جام ہوگئے | 33 |
| 44 | گندم میں برکت ہی برکت | 33 |
| 45 | الیکٹریشن کے بغیر ہی موٹر ٹھیک | 34 |
| 46 | 5 بہن بھائیوں کے رشتوں کی بندش ختم | 34 |


Qureshi Rohani.world

| | | |
|---|---|---|
| 47 | ہر مقصد میں فائدہ ہی فائدہ | 34 |
| 48 | قتل کے مقدمے سے بری | 35 |
| 49 | بغیر انٹرویو کے امریکہ کا ویزہ مل گیا | 35 |
| 50 | شدید مرض سے صحت یابی | 35 |
| 51 | خطرناک راستے میں اللہ کی مدد | 36 |
| 52 | پٹرول ختم ہونے پر بھی بآسانی سفر | 36 |
| 53 | برکت والی تھیلی کی برکت | 37 |
| 54 | روضہ رسول ﷺ پر حاضری کی خواہش پوری ہوگئی | 37 |
| 55 | کاروباری پریشانیوں کا حل | 38 |
| 56 | موبائل کے بیلنس میں برکت | 38 |
| 57 | قبضہ گروپ سے خلاصی | 38 |
| 58 | وظیفے سے چھٹی برکت سے بھی چھٹی | 39 |
| 59 | خواب میں قیامت کا منظر | 39 |
| 60 | ٹائر پنکچر لگوائے بغیر ہی ٹھیک ہوگیا | 39 |
| 61 | ایک ماہ کا راشن اڑھائی ماہ تک چلا | 40 |
| 62 | قرض کی ادائیگی اور کاروبار میں فراوانی | 40 |
| 63 | الحمدللہ خوشحال ہوگیا ہوں | 40 |
| 64 | ہر ماہ 20 لیٹر پٹرول کی بچت | 41 |
| 65 | 27 سالہ سے رکی ہوئی پروموشن کا مسئلہ حل | 41 |
| 66 | سورۃ کوثر کے عمل سے رکشہ والے کو برکت ملی | 41 |
| 67 | کروڑوں روپے کی بلڈنگ خرید لی | 42 |
| 68 | اب سی این جی 165 کلومیٹر تک چلتی ہے | 42 |
| 69 | برکت والی تھیلی سے قرضہ اتر گیا | 43 |
| 70 | سورۃ کوثر اور تھیلی سے برکتوں کے ڈھیر | 43 |


Qureshi Rohani.world

| | | |
|---|---|---|
| 71 | بجلی کے بل سے 150 یونٹ کم ہو گئے | 44 |
| 72 | ایک سال سے ناراض میاں بیوی میں صلح | 44 |
| 73 | سورۃ کوثر سے انکریمنٹ لگ گئی | 45 |
| 74 | سورۃ کوثر نے قرض سے جان چھڑوادی | 45 |
| 75 | خالی تھیلی سے بھی دو ہزار نکل آئے | 45 |
| 76 | امریکہ میں برکت والی تھیلی کی برکات | 46 |
| 77 | 50 کے 2 سو روپے نکل آتے ہیں | 47 |
| 78 | تنخواہ نہ ملنے پر بھی عید کی ضروریات پوری ہو گئیں | 47 |
| 79 | تھیلی سر پر رکھنے سے خون بہنا بند | 48 |
| 80 | بہن کے سسرالیوں نے ڈیمانڈ ختم کر دی | 48 |
| 81 | سورۃ کوثر والے عمل سے مسائل کا حل | 48 |
| 82 | برے کاموں سے رک گئے | 49 |
| 83 | قرض سے نجات اور مہروں کا درد ختم | 49 |
| 84 | عمل کی برکت سے 2 دن بعد پانی کی ٹینکی بھر گئی | 50 |
| 85 | بیٹی کی شادی کیلئے پیسوں کا انتظام | 51 |
| 86 | 300 افراد کا کھانا 500 مہمانوں نے خوب سیر ہو کر کھایا | 51 |
| 87 | لوڈ شیڈنگ میں بھی گیس صحیح آنا شروع ہو گئی | 51 |
| 88 | نانا بیٹیوں کو وراثت سے حصہ دینے کیلئے رضامند | 52 |
| 89 | تھیلی سے عید کے روز 45 ہزار نکل آئے | 52 |
| 90 | ضروری کام فون پر ہو گیا | 52 |
| 91 | خون کے دھبے گرنا ختم | 53 |
| 92 | سورۃ کوثر کی برکت سے مشکلات سے نجات | 53 |
| 93 | امتحان میں فرسٹ پوزیشن | 53 |
| 94 | دکان پر رکھی تھیلی ہر وقت ہری بھری | 54 |


Qureshi Rohani.world

| | | |
|---|---|---|
| 95 | کویت میں پرانے کی قیمت پر نیا ٹائر مل گیا | 54 |
| 96 | CNG کی سرخ لائٹ پر 75 کلومیٹر کا سفر | 54 |
| 97 | افریقہ میں بغیر پٹرول گاڑی چلتی رہی | 55 |
| 98 | رزق سمیت ہر قسم کے معاملات میں برکت | 56 |
| 99 | چور نے گھر کا صفایا کردیا لیکن تھیلیاں بچ گئیں | 56 |
| 100 | کاروبار نے سر اٹھانا شروع کردیا | 56 |
| 101 | برکت والی تھیلی سے مالدار ہوگیا | 57 |
| 102 | بھانجے کی دکان پر برکت ہی برکت | 57 |
| 103 | کاروباری بندش چند دن میں ختم | 57 |
| 104 | دعاؤں میں قبولیت اور برکت | 58 |
| 105 | 21 دن سے نہ رکا ہوا کام 2 دن میں ہوگیا | 59 |
| 106 | پٹرول ڈلوانے سے پہلے ٹینکی بھری ہوتی ہے | 59 |
| 107 | 25 سو کے بجائے 15 سو میں لمبا سفر | 59 |
| 108 | اب موٹر سائیکل پنکچر نہیں ہوتی | 60 |
| 109 | ٹائر میں کیل لگنے کے باوجود موٹر سائیکل 8 دن چلتی رہی | 60 |
| 110 | دوست کو منہ پر موٹے دانوں سے شفاء | 61 |
| 111 | ٹریفک کھلی اور صرف ہم گزر سکے | 61 |
| 112 | بغیر پٹرول کے موٹر سائیکل منزل تک پہنچ گئی | 61 |
| 113 | 1 لیٹر میں ڈیڑھ سو کلومیٹر کا سفر | 62 |
| 114 | ہر ماہ 25 ہزار بچ جاتے ہیں اور اب مقروض نہیں ہوتا | 62 |
| 115 | ایسی جگہوں سے پیسوں کا انتظام کہ خود حیران | 62 |
| 116 | سٹوڈنٹس کو پیسے ملنے لگے | 63 |
| 117 | کم پٹرول سے سینکڑوں کلومیٹر کا سفر کریں | 63 |
| 118 | ناقابل واپسی پیسے خود بخود مل گئے | 63 |


Qureshi Rohani.world

| | | |
|---|---|---|
| 119 | بند راستے کھلنے کیساتھ آسانیاں بھی | 64 |
| 120 | سورۃ کوثر اور برکت والی تھیلی کے فوائد | 64 |
| 121 | مدرسے کیلئے 1 سال کا غیب سے اخراجات کا انتظام | 65 |
| 122 | لکھ سے لکھ اور سورۃ کوثر کے عمل سے پھر لکھ پتی بن گیا | 65 |
| 123 | سورۃ کوثر سے 1 ماہ کا راشن 3 ماہ چلنے لگا | 67 |
| 124 | ضرورت کے وقت تھیلی سے 10 ہزار نکل آئے | 67 |
| 125 | برکت والی تھیلی واقعی لاجواب ہے | 68 |
| 126 | بیروزگار نے اپنا کاروبار شروع کرلیا | 68 |
| 127 | بغیر پٹرول کے موٹر سائیکل منزل تک پہنچ گئی | 68 |
| 128 | غریب کی بیٹی کی شادی میں اللہ کی مدد | 69 |
| 129 | اولیائے کرام اور برکت والی تھیلی | 70 |
| 130 | رمضان المبارک کا مخصوص عمل | 71 |


**سورۃ کوثر کے عمل کی ترتیب صفحہ نمبر 70 پر دی گئی ہے**

## (اہم بات)

حتی الامکان کوشش کی گئی ہے کہ الفاظ' آیات میں کوئی غلطی نہ ہو' لیکن پھر بھی ہم ہر پل اپنے آپ کو قابل اصلاح سمجھتے ہیں۔ آپ کی تحقیقی نظر کہیں بھی کوئی غلطی یا قابل اصلاح پہلو کی طرف جائے اطلاع کیجئے' شکر گزار رہیں گے۔

Qureshi Rohani.world

# حال دل

یہ بات بزرگوں سے سنی تھی کہ جس چیز کا تذکرہ کثرت سے کیا جائے اس کا یقین دل میں اتر جاتا ہے۔ تذکرہ چاہے مال کا ہو یا اللہ پاک کے احکام اور اعمال نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا۔

یہ بات 100 فیصد ٹھیک ہے کہ جب اعمال نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تذکرے ختم ہوتے ہیں تو اس کی جگہ مال کے تذکرے لے لیتے ہیں۔ اب ہوتا یہ ہے کہ پہلے مال خرچ کرتے ہیں اور خوب کرتے ہیں۔ پھر بے یقینی کی کیفیت سے اعمال کرتے ہیں اور فائدہ نہیں ہوتا۔ کیونکہ یقین تو مال پر ہے۔

آپ نے بھی ضرور مشاہدہ کیا ہوگا اور اگر اس طرف اب تک نظر نہیں گئی تو اب ضرور کیجئے گا کہ ہسپتال، جیلیں، کوٹ کچہریاں اور اس جیسی بہت سی جگہیں جہاں لوگ مجبور ہو کر آتے ہیں ان جگہوں پر موجود مساجد، مصلے، بہت آباد ہوتے ہیں۔ جب مال و دولت، شہرت و سفارش ساتھ چھوڑ دیتے ہیں تو کثرت سے ذکر و وظائف کیئے جاتے ہے۔ میں آپ کو یہ ایک نقطہ فکر دے رہا ہوں غور ضرور کیجئے گا۔

دکھ، بیماری، پریشانی، غم سب اللہ کی طرف سے ہے۔ وہی اس کو واپس لوٹاتا ہے۔ امتحان ہمارا ہے کہ ان دکھ، بیماری اور پریشانی کے مواقعوں پر ہماری نظر کہاں جاتی ہے۔ اسی یقین اور نظر کے زاویئے کو ٹھیک کرنے کیلئے تسبیح خانہ سے سر جوڑ کوشش کی جارہی ہے تا کہ اعمال کے تذکرے ہوں اور ان کا یقین دل میں پیدا ہو۔

Qureshi Rohani.world

آج کے اس مہنگائی کے دور میں ہر طرف بھوک، افلاس، کاروبار کی بندش، گھروں میں اخراجات پورے نہ ہونا اور مالی مشکلات کا سامنا معمول نظر آتا ہے۔ ہم نے اپنے اخراجات میں بے پناہ اضافہ کر رکھا ہے جن کو پورا کرنے کیلئے اعمال کے راستوں کو چھوڑ کر بینکوں اور ادھر اُدھر سے قرض لینے کو ترجیح دیتے ہیں جس کی وجہ سے مزید پریشانی، ڈپریشن، اینگزائٹی اور الجھنوں میں گِھر جاتے ہیں۔

یہ کتاب ایسے ہی کچھ واقعات اور مشاہدات پر مبنی ہے کہ بہت سے لوگ جو قرض کے بوجھ تلے دبے ہوئے اور مالی مشکلات کا شکار تھے جب انہوں نے اعمال نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنایا تو اللہ پاک نے ان کے گھروں کے راشن، مکان کی تعمیر میں، کاروبار میں، شادیوں، مال و دولت میں بے پناہ برکتیں عطا فرمائی ہیں۔

مخلوق خدا کو اعمال نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پریشانیوں، مشکلات اور مسائل کا حل مل رہا ہے۔ آپ بھی اعمال نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنا کر رب کی نعمتوں کا قرب حاصل کر سکتے ہیں۔

خواستگار اخلاص و عمل

حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی عفی اللہ عنہ

OOOOOO

Qureshi Rohani.world

# سورۃ کوثر کے فضائل

## معارف ومسائل

**شان نزول:** ابن ابی حاتم نے سدّی سے اور بیہقی نے دلائل نبوت میں حضرت محمد بن علی بن حسین رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ جس شخص کی اولاد ذکور مر جائے اس کو عرب ابتر کہا کرتے تھے یعنی مقطوع النسل۔ جس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صاحبزادے قاسم رضی اللہ عنہ یا ابراہیم رضی اللہ عنہ کا بچپن ہی میں انتقال ہو گیا تو کفار مکہ آپ کو ابتر کہہ کر طعنہ دینے لگے ایسا کہنے والوں میں عاص بن وائل کا نام خاص طور پر ذکر کیا جاتا ہے اس کے سامنے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر کیا جاتا تو کہتا تھا کہ ان کی بات چھوڑو یہ کچھ فکر کرنے کی چیز نہیں کیونکہ وہ ابتر (مقطوع النسل) ہیں جب ان کا انتقال ہو جائے گا ان کا کوئی نام لینے والا بھی نہ رہے گا، اس پر سورہ کوثر نازل ہوئی۔ (رواہ البغوی، ابن کثیر ومظہری)

اور بعض روایات میں ہے کہ کعب بن اشرف یہودی ایک مرتبہ مکہ مکرمہ آیا تو قریش مکہ اس کے پاس گئے اور کہا کہ آپ اس نوجوان کو نہیں دیکھتے جو کہتا ہے کہ وہ ہم سب سے (دین کے اعتبار سے) بہتر ہے حالانکہ ہم حجاج کے خدمت کرنے والے اور بیت اللہ کی حفاظت کرنے والے اور لوگوں کو پانی پلانے والے ہیں۔ کعب نے یہ سن کر کہا کہ تم لوگ اس سے بہتر ہو، اس پر یہ سورہ کوثر نازل ہوئی (ذکرہ ابن کثیر عن البزار باسناد صحیح وقد رواہ مسلم قالہ مظہری)

خلاصہ یہ ہے کہ کفارہ مکہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پسری اولاد نہ رہنے کے سبب ابتر ہونے کے طعنے دیتے تھے یا دوسری وجوہ سے آپ ﷺ کی شان میں گستاخی کرتے تھے ان کے جواب میں سورہ کوثر نازل ہوئی ہے جس میں ان کے

Qureshi Rohani.world

طعنوں کا جواب بھی ہے کہ صرف اولاد نرینہ کے نہ رہنے سے آپ کو مقطوع النسل یا مقطوع الذکر کہنے والے حقائق سے بے خبر ہیں۔ آپ کی نسل نسبی تھی انشاءاللہ دنیا میں تا قیامت باقی رہے گی۔ اگرچہ دختری اولاد سے ہو اور نسل معنوی یعنی آپ پر ایمان لانے والے مسلمان جو در حقیقت نبی کو اولاد معنوی ہوتے ہیں وہ تو اس سے کثرت سے ہوں گے کہ پچھلے تمام انبیاء علیہم السلام کی امتوں سے بھی بڑھ جائیں گے اور اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اللہ کے نزدیک مقبول اور مکرم و معظم ہونا بھی مذکور ہے جس سے کعب بن اشرف کے قول کی تردید ہو جاتی ہے۔ یہ سب مضمون سورۃ کی تیسری آیت میں آیا ہے۔

''ان اعطینٰک الکوثر'' امام بخاری نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اس کی تفسیر میں روایت کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ ''کوثر وہ خیر کثیر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمائی ہے''۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ کے خاص شاگرد سعید بن جبیر رحمتہ اللہ علیہ سے کسی نے کہا کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ کوثر جنت کی ایک نہر کا نام ہے۔ تو سعید بن جبیر رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ (ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول اس کے منافی نہیں بلکہ) وہ نہر جنت جس کا نام کوثر ہے وہ بھی اس خیر کثیر میں داخل ہے۔ اسی لئے امام سفیر مجاہد نے کوثر کی تفسیر میں فرمایا کہ وہ دنیا و آخرت دونوں کی خیر کثیر ہے، اس میں جنت کی خاص نہر کوثر بھی داخل ہے۔

**حوض کوثر:** بخاری، مسلم، ابو داؤد، نسائی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ الفاظ یہ ہیں ''بینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بین اظهرنا في المسجد اذا غفی اغفاءۃً ثم رفع راسه متبسما ، قلنا ما اضحك يا رسول الله قال لقد انزلت علی انفا سورة فقرا بسم الله الرحمن الرحيم انا اعطينك الكوثر الخ ثم قال اتدرون ما الكوثر قلنا

Qureshi Rohani.world

الله ورسوله اعلم قال فانه نهر و عدنيه ربى عزوجل عليه خير كثير وهو حوض تود عليه امتى يوم القيامة انية عدد نجوم فى السماء فيحتلج العبد منهم فاقول رب انه من امتى فيقول انك لا ری ما احدث بعدك"

ایک روز جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں ہمارے درمیان تھے اچانک آپ پر ایک قسم کی نیند یا بیہوشی کی سی کیفیت طاری ہوئی پھر ہنستے ہوئے آپ نے سر مبارک اٹھایا ہم نے پوچھا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کے ہنسنے کا سبب کیا ہے، تو فرمایا کہ مجھ پر اس وقت ایک سورۃ نازل ہوئی ہے پھر آپ نے بسم اللہ کے ساتھ سورہ کوثر پڑھی، پھر فرمایا تم جانتے ہو کوثر کیا چیز ہے، ہم نے عرض کیا اللہ و رسولہ اعلم، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یہ ایک نہر جنت ہے جس کا میرے رب نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے جس میں خیر کثیر ہے اور وہ حوض ہے جس پر میری امت قیامت کے روز پانی پینے کیلئے آئے گی اس کے پانی پینے کے برتن آسمان کے ستاروں کی تعداد میں ہوں گے اس وقت بعض لوگوں کو فرشتے حوض سے ہٹا دیں گے تو میں کہوں گا کہ میرے پروردگار یہ تو میری امت میں ہے، اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ آپ نہیں جانتے کہ اس نے آپ کے بعد کیا نیا دین اختیار کیا ہے۔

ابن کثیر نے اس روایت کو نقل کر کے مزید لکھا ہے:

"وقدرودفى صفة الحوض يوم القمية انه يشخب فيه ميزابان من السماء من نهرالكوثروان انية عدد نجوم السماء"

حوض کی صفت میں روایات حدیث میں آیا ہے کہ اس میں دو پرنالے آسمان سے گریں گے جو نہر کوثر کے پانی سے حوض کو بھر دیں گے اس کے برتن آسمان کے ستاروں کی تعداد میں ہوں گے۔

Qureshi Rohani.world

اس حدیث سے سورہ کوثر کا سبب نزول بھی معلوم ہوا اور لفظ کی صحیح تفسیر بھی یعنی خیر کثیر، اور یہ بھی کہ اس خیر کثیر میں وہ حوض کوثر بھی شامل ہے جو قیامت میں امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سیراب کرے گی۔ نیز اس روایت نے یہ بھی واضح کر دیا کہ اصل نہر کوثر جنت میں ہے اور یہ حوض کوثر میدان حشر میں ہو گی اس میں دو پرنالوں کے ذریعہ نہر کوثر کا پانی ڈالا جائے گا۔ اس میں ان روایات کی بھی تطبیق ہو گئی جن سے معلوم ہوتا ہے کہ حوض کوثر پر امت کا درود دخول جنت سے پہلے ہو گا اور اس حدیث میں جو بعض لوگوں کو حوض کوثر سے ہٹا دینے کا ذکر ہے یہ وہ لوگ ہیں جو بعد میں اسلام سے پھر گئے یا پہلے ہی سے مسلمان نہیں تھے مگر منافقانہ اظہار اسلام کرتے تھے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ان کا نفاق کھل گیا، واللہ اعلم۔

احادیث صحیحہ میں حوض کوثر کے پانی کی صفائی اور شیرینی اور اس کے کناروں کا جواہرات سے مرصع ہونے کے متعلق ایسے اوصاف مذکور ہیں کہ دنیا میں ان کا کسی چیز پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔

اس سورۃ کا نزول اگر کفار کے طعنوں کے دفاع میں ہو جیسا کہ اوپر مذکور ہوا کہ آپ کی اولاد نرینہ فوت ہو جانے کی وجہ سے وہ آپ کو ابتر مقطوع النسل قرار دے کر کہا کرتے تھے کہ ان کا کام چند روزہ ہے پھر کوئی نام لینے والا بھی نہ رہے گا تو اس سورۃ میں آپ کو کوثر عطا فرمانے کا ذکر جس میں حوض کوثر بھی شامل ہے ان طعنہ زنوں کی مکمل تردید ہے کہ ان کی نسل ونسب صرف یہی نہیں کہ دنیا کی عمر تک چلے گی بلکہ ان کی روحانی اولاد کا رشتہ محشر میں بھی محسوس ہو گا جہاں وہ تعداد میں بھی تمام امتوں سے زیادہ ہوں گے اور ان کا اعزاز واکرام بھی سب سے زیادہ ہو گا۔

" **فصل لربك وانحر** " انحر، نحر سے مشتق، اونٹ کی قربانی کو نحر کہا جاتا ہے جس کا مسنون طریقہ اس کا پاؤں باندھ کر حلقوم میں نیزہ یا چھری مار کر خون بہا دینا

Qureshi Rohani.world

ہے جیسا کہ گائے بکری وغیرہ کی قربانی کا طریقہ ذبح کرنا یعنی جانور کو لٹا کر حلقوم پر چھری پھیرنا ہے۔ عربی میں چونکہ عموماً قربانی اونٹ کی ہوتی تھی اس لئے قربانی کرنے کیلئے یہاں لفظ وانحر استعمال کیا گیا۔ بعض اوقات لفظ نحر مطلقاً قربانی کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ اس سورۃ کی پہلی آیت میں کفار کے زعم باطل کے خلاف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کوثر یعنی دنیا و آخرت کی ہر خیر اور وہ بھی کثیر مقدار میں عطا فرمانے کی خوشخبری سنانے کے بعد اس کے شکر کے طور پر آپ کو دو چیزوں کی ہدایت کی گئی ہے۔ ایک نماز، دوسرے قربانی۔ نماز بدنی اور جسمانی عبادتوں میں سب سے بڑی عبادت ہے اور قربانی مالی عبادتوں میں اس بناء پر خاص امتیاز اور اہمیت رکھتی ہے کہ اللہ کے نام پر قربانی کرنا بت پرستی کے شعار کے خلاف ایک جہاد بھی ہے کیونکہ ان کی قربانیاں بتوں کے نام پر ہوتی تھیں۔ اسی لئے قرآن کریم کی ایک اور آیت میں بھی نماز کے ساتھ قربانی کا ذکر فرمایا ہے ''ان صلاتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العلمین'' اس آیت میں وانحر کے معنیٰ قربانی ہونا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ، عطاء، مجاہد اور حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ وغیرہ سے مستند روایات میں ثابت ہے۔

''ان شانئك هو الابتر'' لفظ شانی کے معنی بغض رکھنے والے عیب لگانے والے کے ہیں یہ آیت ان کفار کے متعلق نازل ہوئی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ابتر مقطوع النسل ہونے کا طعنہ دیتے تھے۔ اکثر روایات میں عاص بن وائل، بعض میں عقبہ، بعض میں کعب بن اشرف اس کے مصداق ہیں۔ حق تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کوثر یعنی خیر کثیر عطا کی جس میں اولاد کثیر بھی داخل ہے آپ کیلئے اولاد کی کثرت اس لحاظ سے ہے کہ نسبی اولاد بھی آپ کی ماشاءاللہ کچھ کم نہیں اور پیغمبر چونکہ پوری امت کا باپ ہوتا ہے اور پوری امت اس کی اولاد روحانی اور آپ کی

Qureshi Rohani.world

امت پچھلے تمام انبیاء کرام علیہم السلام کی امتوں سے تعداد میں زیادہ ہوگی۔ ایک طرف تو ان دشمنوں کی بات کو اس طرح خاک میں ملا دیا دوسری طرف یہ بھی فرما دیا کہ جو لوگ آپ کو ابتر ہونے کا طعنہ دیتے ہیں وہ ہی ابتر ہیں۔

**عبرت:** اب غور کیجئے کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر کو حق تعالیٰ نے کیسی رفعت اور عظمت عطا فرمائی کہ آپ کے عہد مبارک سے آج تک پوری دنیا کے چپہ چپہ پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک پانچ وقت اللہ کے نام کے ساتھ میناروں پر پکارا جاتا ہے اور آخرت میں آپ کو شفاعت کبریٰ کا مقام محمود حاصل ہوگا اس کے بالمقابل دنیا کی تاریخ سے پوچھئے کہ عاص بن وائل، عقبہ، کعب کی اولاد کہاں اور ان کا خاندان کیا ہوا، خود ان کا نام بھی اسلامی روایات سے تفسیر آیات کے ذیل میں محفوظ ہو گیا ورنہ دنیا میں آج ان کا نام لینے والا کوئی باقی نہیں ہے۔ ''**فاعتبروا یا اولی الابصار**''

☆......☆......☆

Qureshi Rohani.world

## 270روپے میں پٹرول کی ٹینکی فل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

ایک نوجوان بتانے لگا کہ میں کچھ دنوں سے محسوس کررہا تھا کہ میری موٹرسائیکل کا پٹرول زیادہ خرچ ہورہا ہے۔ میرے ذہن میں آیا کہ شاید میرے عمل پڑھنے میں کمی ہے جس کی وجہ سے میرا پٹرول زیادہ لگ رہا ہے۔ میں کلاس سے فارغ ہوکر راستے میں مسلسل سورۃ کوثر پڑھتا ہوا پٹرول پمپ پر پہنچا تو پٹرول کا ریٹ 106 روپے لیٹر تھا۔ میں نے ٹینکی کھول کر دیکھا تو اس میں تھوڑا سا پٹرول تھا۔ میں نے پمپ والے کو کہا کہ 300 روپے کا پٹرول ڈال دو۔ ساتھ میں مسلسل سورۃ کوثر پڑھتا رہا۔ ابھی 270روپے کا پٹرول ہی ڈالوایا تھا کہ ٹینکی فل ہوگئی۔ حالانکہ میرا گمان تھا کہ 300 سے بھی زیادہ کا پٹرول ڈلوانا پڑے گا لیکن اللہ تعالیٰ نے سورۃ کوثر کی برکت سے 270روپے میں ہی ٹینکی فل کروادی۔ (ا۔م)

## سورۃ کوثر سے خراب موٹرسائیکل کا علاج

ایک صاحب بتانے لگے کہ آج صبح میری بائیک بہت زیادہ Missing کررہی تھی اور اس وجہ سے میں بہت پریشان ہورہا تھا۔ میں نے سورۃ کوثر پڑھنا شروع کردی جس کی برکت سے موٹرسائیکل فوراً ٹھیک چلنا شروع ہوگئی۔ (زاہد صاحب)

## CNG کے ایک سلنڈر سے پورا ہفتہ گزر گیا

گاڑی میں پٹرول یا CNG ڈلواتے وقت مسلسل سورۃ کوثر پڑھنے سے مجھے یہ فائدہ ہوا کہ CNG کے ایک سلنڈر سے میرا تقریباً پورا ہفتہ گزر جاتا ہے۔ میں نے روزانہ ٹھوکر نیاز بیگ سے شملہ پہاڑی چوک آنا جانا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ بھی کہیں آنا جانا پڑ جائے تو وہ بھی اسی میں ہوتا ہے۔ پچھلے اتوار کی رات کو میں نے سلنڈر فل کروایا تھا اور آج جمعرات تک ختم نہیں ہوا بلکہ واپس گھر بھی اسی سی این جی سے پہنچ جاؤں گا۔

(محمد حسن ہاشمی، ۔لاہور)

Qureshi Rohani.world

## سامان جلدی فروخت ہو جاتا ہے

میرا تجربہ ہے کہ جب ہماری دکان پر سامان آتا ہے تو ہم اس پر 129 بار سورۃ کوثر مع اول آخر 3 بار درود شریف پڑھ کر پھونک دیتے ہیں۔ اللہ کی رحمت سے اس میں ہمیں خیر ملتی ہے اور بہت جلد وہ سامان بک جاتا ہے۔ اسی طرح ہمارے اوپر حسد اور جادو وغیرہ تھا۔ سورۃ کوثر پڑھنے کی برکت سے اب ہمیں اشارے ملنا شروع ہو گئے ہیں کہ جنہوں نے جادو وغیرہ کروایا ہے وہ خود پریشان ہو گئے ہیں کہ ان پر اثر کیوں نہیں ہو رہا اور یہ کس طرح بچ رہے ہیں۔ یہ اللہ پاک کے کلام کی خیر ہے جب خیر کی امید سے پڑھا جائے تو ہر طرف سے ان شاء اللہ خیر ہی خیر ملے گی۔

**(میاں عابد حسین صاحب)**

## پانچویں سے بارہویں گریڈ میں ترقی

ایک نوجوان بتانے لگا کہ میرے بڑے بھائی کی کئی سالوں سے پروموشن نہیں ہو رہی تھی۔ میں نے انہیں 129 دفعہ سورۃ کوثر پڑھنے کا عمل بتایا۔ انہوں نے عمل کرنا شروع کر دیا۔ چند دن یہ عمل کرنے سے ہی ان کی پانچویں سے بارہویں گریڈ میں ترقی ہو گئی۔ **(ز۔ن)**

## پٹرول کی آدھی ٹینکی سے لاہور اور ملتان کا سفر

پچھلے ہفتے کی بات ہے کہ میں اپنی فیملی کے ہمراہ ملتان گیا۔ میرے پاس 2000 ماڈل کی گاڑی ہے۔ میں نے اسکی ٹینکی پٹرول سے فل کروائی اور اس پر 11 مرتبہ یاحفیظ پڑھ لیا۔ میری بیوی اور میری بیٹی نے اول آخر ایک بار درود شریف 41 بار سورۃ کوثر پڑھ کر ٹینکی پر پھونک ماردی۔ الحمدللہ اس عمل کی برکت سے ہم پٹرول کی آدھی ٹینکی کے ساتھ ہی لاہور سے ملتان پہنچ گئے۔ وہاں جا کر ہم نے باقاعدہ ٹینکی کو دیکھا اور واپسی پر پھر یہی عمل کیا اور پھر آدھی ٹینکی میں گھر واپس پہنچ گئے۔

**(محمد اعجاز صاحب، لاہور)**

Qureshi Rohani.world

## کاروبار میں فراوانی

مجھے کاروبار میں بہت پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا میں حضرت جی دامت برکاتہم کے پاس حاضر ہوا انہوں نے مجھے پڑھنے کیلئے سورۃ کوثر بتائی جس دن سے میں یہاں آیا تھا اسی دن سے میں نے سورۃ کوثر پڑھنا شروع کر دی اور مسلسل پڑھتا رہا۔ اب الحمدللہ میری بہت سی پریشانیاں دور ہو گئی ہیں اور کاروبار بھی پہلے سے بہتر ہو گیا ہے۔ ہر جمعرات میری یہی کوشش ہوتی ہے کہ سب سے پہلے تسبیح خانے میں پہنچوں اور یہاں آ کر حضرت جی دامت برکاتہم کی دعائیں لوں۔ الحمدللہ حضرت جی دامت برکاتہم کی دعاؤں اور سورۃ کوثر والے عمل کی وجہ سے میرا نیکی کرنے میں دل لگا ہوا ہے۔

**(محمد نعمان صاحب، لاہور)**

## پٹرول ختم نہیں ہوتا

ایک صاحب بتانے لگے کہ میرا سورۃ کوثر والے عمل کے بارے یہ مشاہدہ ہے کہ اگر دوران سفر پٹرول ختم ہو جائے اور موٹر سائیکل جھٹکے کھانا شروع کر دے تو سورۃ کوثر کا عمل پڑھنے سے نہ صرف جھٹکے لگنے بند ہو جاتے ہیں بلکہ با آسانی بندہ اپنی منزل پر بھی پہنچ جاتا ہے۔ **(زمان ملک صاحب)**

## سرخ پوائنٹ پر گاڑی کا 42 کلومیٹر سفر

پچھلے دنوں ہم تین دوست گاڑی پر گوجرانوالہ گئے اور وہاں گھومتے پھرتے رہے۔ پھر جب ہم نے واپسی کا ارادہ کیا اور جب گاڑی میں سی این جی کو دیکھا تو صرف ایک پوائنٹ رہ گیا تھا۔ میرے دوست پوچھنے لگے کہ یہیں سے گیس ڈلوالیں؟ میں نے کہا راستے میں کہیں سے ڈلوالیں گے۔ ابھی ہم کامونکی سے تھوڑا پیچھے ہی تھے کہ سرخ پوائنٹ جل گیا۔ دوست کہنے لگے اب تو سی این جی یہیں سے ڈلوا لیتے ہیں۔ میرے دل میں خیال آیا اور میں نے دوستوں کو کہا کہ سب سورۃ کوثر کا عمل کرو ان شاء اللہ ہم اس کی برکت سے ہم CNG لاہور سے جا کر ہی ڈلوائیں گے۔ ہم تینوں نے یہ عمل

Qureshi Rohani.world

پورے راستے جاری رکھا اور اس عمل کی بدولت گاڑی نے 42 کلومیٹر کا سفر سرخ لائٹ پر ہی کیا اور ہم نے لاہور پہنچ کر CNG سٹیشن سے گیس ڈلوائی۔

(طاہر اقبال صاحب، لاہور)

## لڑائی جھگڑے کا خاتمہ

تسبیح خانے میں آنے سے بہت کچھ حاصل ہورہا ہے اور اتنے معاملات سلجھ رہے ہیں کہ میں بتانے سے قاصر ہوں۔ اس کے ساتھ ساتھ سورۃ کوثر والے عمل سے تو اتنے کمالات مجھ پر کھلے ہیں کہ بیان کرنے کیلئے الفاظ نہیں ہیں۔ ابھی کل کی بات ہے کہ میری والدہ اور بہنوئی کی بہت سخت ناراضگی ہوگئی ہے۔ سب رشتہ داروں اور بڑے بزرگوں نے انکی آپس میں صلح کروانی کی کوشش کی لیکن معاملہ کچھ زیادہ ہی بگڑا ہوا تھا۔ جب میری والدہ بہنوئی کے گھر جانے لگیں تو میں نے انہیں کہا کہ آپ کو جو حضرت جی دامت برکاتہم کی طرف سے چادر ملی ہوئی ہے وہ اوڑھ کر جائیں اور جب وہ گھر سے نکلیں تو میں اور میری اہلیہ نے بہت تیز تیز سورۃ کوثر والا عمل پڑھنا شروع کر دیا۔ الحمدللہ! اللہ پاک نے اس عمل کی برکت سے ہماری صلح کروادی اور تمام معاملات سلجھ گئے۔

(واجد صاحب، لاہور)

## شدید ایکسیڈنٹ سے بچ گیا

کل رات میں نے کوہاٹ کسی کام کیلئے جانا تھا۔ میں نے سوچا نئی گاڑی ہے اسے خود ہی ڈرائیو کر کے جاتا ہوں۔ لہٰذا میں نے ڈرائیور کو چھٹی دے دی اور سورۃ کوثر پڑھتا ہوا گاڑی پر جب کامونکی کے قریب پہنچا تو اچانک ایک گیدڑ میری گاڑی کے ساتھ 120 کی سپیڈ سے آکر ٹکرایا لیکن اللہ پاک نے کرم فرمایا اور میری گاڑی الٹنے سے بچ گئی اور میں بھی بچ گیا۔ یہ سب سورۃ کوثر کے عمل کی وجہ سے ہوا ہے۔ (ب۔م)

## خراب گاڑی سٹارٹ ہوگئی

جمعہ کے دن میرے بھائی کی شادی تھی ہم نے 8 بجے بارات کے ساتھ شادی

Qureshi Rohani.world

میں پہنچنا تھا لیکن راستے میں ہماری گاڑی اچانک بند ہوگئی حالانکہ 2012 ماڈل کی نئی گاڑی تھی اور اس میں گیس اور پٹرول بھی تھا لیکن وجہ پتہ نہیں چل رہی تھی جس کی وجہ سے ہمیں بہت دیر ہورہی تھی۔ والدہ نے کہا سورۃ کوثر والا عمل پڑھنا شروع کردو۔ ہم نے ایسے ہی کیا تو الحمد للہ! گاڑی اس عمل کی وجہ سے سٹارٹ ہوگئی اور ہم وقت پر اپنی منزل پر پہنچ گئے۔ (عظیم صاحب، لاہور)

## تھیلی سے ضرورت کے وقت 5 سو روپے نکل آئے

السلام علیکم! میں دوسری بار درس میں حاضر ہوا ہوں۔ پہلی بار جب آیا تھا تو اس وقت اپنے دوست کو میں نے برکت والی تھیلی لے کر دی تھی۔ انہوں نے اس پر سورۃ کوثر والا عمل شروع کردیا۔ ایک دن ان کے پاس پیسے نہیں تھے۔ ہم نے اسلام آباد میں چار سیکٹر کے تمام اے ٹی ایم چیک کیے لیکن کسی خرابی کی وجہ سے انہیں پیسے نہیں مل رہے تھے جبکہ انہیں پیسوں کی سخت ضرورت تھی۔ جب انہوں نے برکت والی تھیلی کو چیک کیا تو اس میں سے 500 کا نوٹ نکلا جسکے بارے میں انہیں کچھ پتہ نہیں تھا۔ انہوں نے ان پیسوں سے اپنی ضرورت پوری کرلی۔ یہ برکت والی تھیلی اور سورۃ کوثر والے عمل کے کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔ (ذ۔ب، اسلام آباد)

## ایک ہی سال میں دو بہنوں کی شادی

حضرت جی دامت برکاتہم کے پاس ہم اپنی بہنوں کے رشتے کے مسئلے کے حل کیلئے حاضر ہوئے تھے۔ حضرت دامت برکاتہم نے سورۃ کوثر والا عمل پڑھنے کیلئے ارشاد فرمایا تھا کہ یہ پڑھو ان شاء اللہ اس سے فائدہ ہوگا۔ الحمد للہ ہم نے ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں سورۃ کوثر والا عمل پڑھا۔ جس کی برکت سے الحمد للہ! 8 نومبر کو میری ایک بہن کی شادی ہوئی اور ابھی 4 دن پہلے دوسری بہن کی شادی بھی خیر و عافیت کے ساتھ ہوگئی ہے۔ سب رشتہ دار حیران اور پریشان ہیں کہ ایک ہی سال میں 2 بہنوں کی شادی کیسے ہوگئی۔ پھر پوچھتے ہیں کہ آپ کس کے پاس جاتے ہیں۔

Qureshi Rohani.world

میں نے بتایا کہ ہمارے حضرت جی دامت برکاتہم نے ہمیں سورۃ کوثر والا عمل دیا ہوا ہے جس کی برکت سے ہمارے تمام مسائل حل ہو گئے ہیں۔

**(محمد شفیق صاحب، لاہور)**

## شدید ایکسیڈنٹ میں بھی فوراً آرام ملا

کچھ عرصہ پہلے میرے پاس ایک دوست آئے ان کا کوئی معاشی مسائل کا معاملہ تھا۔ میں نے انہیں برکت والی تھیلی ہدیہ دی اور اس پر صبح وشام 129 بار سورۃ کوثر پڑھنے کا عمل بتایا۔ پچھلے ہفتے رات ایک بجے کے قریب وہ اپنے گھر موٹر سائیکل پر جا رہے تھے کہ ایک گاڑی والے نے زوردار ٹکر کے ساتھ انہیں گرا دیا اور خود بھاگ گیا۔ وہ بتانے لگے کہ تقریباً آدھے گھنٹے بعد مجھے ہوش آیا تو میں نے سر میں چوٹ کی وجہ سے شدید درد محسوس کیا۔ ایسے ہی میرے دل میں آیا اور میں نے سورۃ کوثر والا عمل پڑھنا شروع کر دیا۔ کچھ دیر پڑھ کر میں نے ہاتھوں پر پھونک ماری اور اپنے سر پر دم کر دیا جس سے مجھے بہت افاقہ ہوا۔ پھر میں نے مزید کچھ دیر سورۃ کوثر والا عمل پڑھا اور پورے جسم پر دم کر دیا۔ جسم کا درد معمولی رہ گیا ہے۔ ایکسیڈنٹ اتنا شدید ہوا تھا کہ موٹر سائیکل کا بہت نقصان ہوا تھا اور میرے جسم میں بھی چوٹ کی وجہ سے جگہ جگہ زخموں کے آثار تھے بہرحال طبیعت تھوڑی سنبھلنے کے بعد میں اٹھا اور گھر چلا گیا۔ گھر جا کر میں نے تھیلی پر 129 بار سورۃ کوثر والا عمل کیا اور ساتھ ہی اپنے پورے جسم پر بھی ہاتھ پھیر لئے جس کی برکت سے الحمدللہ! درد بالکل ختم ہو گیا۔ پھر میرا اتنا یقین پختہ ہو گیا کہ میں نے سوچا ڈاکٹر کے پاس جانے کی ضرورت نہیں۔ اللہ پاک مجھے سورۃ کوثر کے دم سے ہی ٹھیک کر دے گا۔ اس نے مجھے اپنی چوٹیں اور زخم دکھائے اور کہنے لگا کہ نہ میں نے ان کیلئے کوئی دوائی کھائی ہے نہ ہی ان پر کوئی کریم یا لوشن وغیرہ لگایا ہے۔ بس

Qureshi Rohani.world

سورۃ کوثر پڑھ کر جسم پر دم کر لیتا ہوں اور زخم کافی حد تک بہتر ہو چکے ہیں۔ اس نے یہ بھی تاکید کی کہ یہ میرا واقعہ اور سورۃ کوثر کا مشاہدہ درس میں ضرور جا کر سنانا۔

**(آصف اقبال صاحب، منڈی بہاؤالدین)**

## فوراً سواری مل جاتی ہے

ایک بچی جس کا نام مائدہ ہے اس نے مجھے بتایا کہ ان کا گاؤں لنک روڈ پر ہے وہاں سواری والی گاڑی کے ملنے کا بہت زیادہ مسئلہ ہوتا ہے۔ لیکن میں جب بھی گھر سے نکلتی ہوں تو 7 بار سورۃ کوثر مع اول آخر ایک بار درود شریف پڑھ لیتی ہوں۔ جس سے فوراً سواری والی گاڑی مل جاتی ہے اور میرے گھر والے بھی یہی عمل کرتے ہیں اور ہمیں کسی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔ **(محمد الطاف صاحب)**

## بیوی کی مکان بنا کر نام کروانے کی خواہش

ہمارے بازار میں ایک بندہ فروٹ کی ریڑھی لگاتا ہے۔ اس کی بیوی پچھلے 11 سال سے صرف اس بات پر ناراض ہو کر کراچی اپنے میکے میں رہ رہی ہے کہ پہلے تم اپنا گھر بناؤ اور اسے میرے نام کراؤ پھر میں بچوں کو لیکر تمہارے ساتھ رہوں گی ورنہ ساری عمر یہیں بیٹھی رہوں گی۔ وہ بندہ ہر وقت روزی اور اپنا گھر بنانے کیلئے پریشان حالت میں سوچتا رہتا کہ کس طرح اس کی زندگی پرسکون بنے گی۔ ایک دن اس نے مجھ سے تذکرہ کیا تو میں نے اسے کہا کہ تم سورۃ کوثر کثرت سے پڑھا کرو، اللہ پاک ضرور تمہارے مسائل حل کرے گا۔ اس نے اس نیت سے سورۃ کوثر پڑھنا شروع کر دی اور اللہ پاک سے دعا مانگی کہ یا اللہ! میرا کام سیٹ کر دے اور میں اپنا مکان بنا کر اس میں بیوی بچوں کو لا سکوں۔

پچھلے ہفتے اس کی بیوی خود بخود اپنے بچوں سمیت واپس آگئی اور کہنے لگی کہ خدا کے واسطے تم نے جو تعویذ میرے لئے دبائے ہوئے ہیں انہیں نکال دو۔ اب میں مستقل

Qureshi Rohani.world

رہنے کیلئے آ گئی ہوں اور واپس کبھی نہیں جاؤں گی۔ اللہ پاک نے سورۃ کوثر کے عمل کی برکت سے اس کا گھر آباد ہو گیا۔ (محمد کلیم اللہ صاحب، میلسی)

## موبائل کی بیٹری اب ختم نہیں ہوتی

ایک صاحب نے بتایا کہ میرے موبائل کی بیٹری بہت جلد ختم ہو جاتی تھی جو ایک دن بھی نہیں چلتی تھی۔ میں نے آپ دامت برکاتہم کا بتایا ہوا عمل 7 بار سورۃ کوثر اول آخر ایک مرتبہ درود شریف کیساتھ پڑھ کر اس پر پھونک ماردی۔ اس دن کے بعد اب بیٹری ختم ہی نہیں ہوتی ہے۔ (علی اکبر صاحب)

## ایسے کمالات کہ بتا نہیں سکتا

ایک صاحب نہایت پر مسرت لہجے میں بتانے لگے کہ میں راولپنڈی سے آیا ہوں اور میرے ساتھ میرے سارے گھر والے بھی درس سننے آئے ہیں۔ آپ دامت برکاتہم سے بیعت کی اجازت چاہتے ہیں اگر میں اپنے مشاہدات بتانے لگوں کہ کیا کیا فائدے ہوئے اور ہمارے گھر میں کیا کیا چاند لگے ہیں تو شاید پوری رات بیت جائے۔ ہم نے جتنے بھی وظیفے کیئے ان کی برکت سے ہمارے سارے مسائل حل ہو گئے ہیں اور اللہ کا شکر ہے کہ ہم خوشی سے جھوم اٹھے ہیں۔

ان میں سے ایک فائدہ یہ ہے کہ میری برکت والی تھیلی میں ایک روپیہ بھی نہیں تھا۔ تقریباً پورا ہفتہ میری تھیلی خالی رہی اور میں اس پر سورۃ کوثر 129 مرتبہ پڑھتا تھا۔ پھر میں نے سوچا کہ سورۃ کوثر کا دم پیسوں پر نہیں تھیلی پر کرنا ہے لہٰذا میں نے صبح و شام 129 بار سورۃ کوثر مع اول آخر 7 بار درود شریف پڑھ کر دم کرنا شروع کر دیا۔ یقین جانئے شام کو مجھے چار ہزار روپے کی ضرورت تھی۔ اللہ پاک نے تھیلی میں سے ہی مجھے 4 ہزار روپے دیئے۔ اس کے بعد جب بھی مجھے پیسوں کی ضرورت ہوتی ہے تو میرا کام بس سورۃ کوثر پڑھنا ہوتا ہے اور غیبی مدد اللہ پاک خود کر دیتا ہے۔ (ت۔ ح)

Qureshi Rohani.world

## قتل وغارت میں اللہ نے حفاظت فرمائی

تقریباً دو ہفتے پہلے میں ایک کام کے سلسلے میں کراچی گیا تھا۔ مجھے جانے سے پہلے جو بھی بندہ ملتا وہ یہی کہتا کہ کراچی نہ جانا وہاں آج کل بہت زیادہ قتل عام ہو رہا ہے۔ میں نے کہا کہ اللہ خیر کرے گا اور سارے راستے میں سورۃ کوثر پڑھتا گیا۔ میں نے وہاں آٹھ نو گھنٹے قیام کیا اور پھر سورۃ کوثر پڑھتا واپس آ گیا۔ اللہ پاک نے اس عمل کی برکت سے میری حفاظت فرمائی۔ **(نعمان صاحب)**

## گاڑی کا پھٹا ہوا ٹائر بالکل ٹھیک ہو گیا

میں نے اپنے ایک دوست کو سورۃ کوثر کا صبح وشام 129 مرتبہ پڑھنے والا عمل بتایا ہوا تھا۔ ایک دن وہ سرگودھا سے لاہور آ رہا تھا اس کی گاڑی کا ٹائر زیادہ ہوا بھرنے سے پھولا ہوا تھا اور اسے خطرہ تھا کہ کہیں راستے میں ہی ٹائر پھٹ نہ جائے۔ اس نے اس ٹائر کے ٹھیک ہونے کی نیت سے سورۃ کوثر پڑھنی شروع کر دی اور جب لاہور آ کر دیکھا تو اس کا وہی ٹائر ٹھیک ہو چکا تھا۔ **(محمد علی صاحب)**

## پمپ ملازم نے فری پٹرول ڈال دیا

ایک صاحب کہنے لگے کہ پچھلے دنوں یونیورسٹی جانے کیلئے میں نے موٹر سائیکل میں پٹرول ڈلوایا اور ابھی یونیورسٹی سے واپس آ ہی رہا تھا کہ پٹرول ختم ہو گیا۔ میں نے سوچا کہ جتنے کا پٹرول ڈلوایا ہے روزمرہ حالات کے مطابق اس سے میرے دو دن گزر جاتے ہیں یہ کیسے ختم ہو گیا؟ میں نے سورۃ کوثر پڑھنی شروع کر دی اور موٹر سائیکل سٹارٹ کی تو وہ چل پڑی۔ تھوڑا آگے جا کر موٹر سائیکل پھر بند ہو گئی۔ میں نے سوچا کہ میرے پڑھنے میں کوئی کمی آ رہی ہے۔ میں نے دھیان اور کامل یقین سے سورۃ کوثر پڑھنی شروع کر دی۔ موٹر سائیکل پھر چل پڑی اور میرے گھر سے تھوڑا سا فاصلہ رہتا تھا کہ موٹر سائیکل آ کر رک گئی۔ پھر دوسرے دن جب میں پٹرول پمپ پر سورۃ کوثر پڑھتا ہوا گیا تو پٹرول والے نے معذرت کی اور جتنے کا میں نے کل پٹرول ڈالوایا تھا

Qureshi Rohani.world

اتنے کافری پٹرول ڈال دیا۔(ت۔ح)

## خطرے کی حالت میں بھی نارمل ڈلیوری

منڈی بہاؤالدین کی ایک سکول ٹیچر کا مجھے فون آیا کہ وہ آٹھ ماہ سے حاملہ ہے اور اسے شدید درد محسوس ہورہا ہے۔ جب چیک اپ کروایا تو لیڈی ڈاکٹر نے کہا کہ بچے کی حالت بہت خطرناک ہے اوراس کے ضائع ہونے کے چانس ہیں کوئی وظیفہ بتادیں کہ اللہ پاک یہ مسئلہ عافیت کے ساتھ حل کردے۔ میں نے اسے سورۃ کوثر پڑھنے کا بتادیا۔ کچھ دن بعد اس کا فون آیا کہ میں نے روزانہ ہزاروں کی تعداد میں سورۃ کوثر پڑھی اور پڑھنے کے آٹھویں دن بالکل نارمل ڈلیوری ہوگئی ہے اوراس دوران مجھے اتنی تکلیف بھی نہیں ہوئی جتنی کانٹا چبھنے سے ہوتی ہے اور آج پھران کا فون آیا تو کہہ رہی تھی کہ جو مثل مشہور ہے کہ ''آٹھویں مہینے والا بچہ زندہ نہیں رہتا'' اس کے بالکل برعکس میرا بیٹا اٹھائیس دن کا ہوگیا ہے اور الحمدللہ بالکل صحت مند ہے۔ یہ سوۃ کوثر کی برکت سے سب کچھ ہوا ہے اسی مناسبت سے میں نے اپنے بیٹے کا نام محمد رکھا ہے۔

**(محمد آصف صاحب)**

## بھٹہ مالک کی اینٹیں کم دینے پر معذرت

میرے والد صاحب کے ماموں اپنا مکان بنوار ہے تھے جس کیلئے اینٹیں کم پڑ گئیں۔ انہوں نے جاکر بھٹے والے سے بات کی تو وہ کہنے لگا کہ میں اس وقت اینٹیں نہیں دے سکتا۔ انہوں نے مزید اصرار کیا لیکن نوبت جھگڑے تک پہنچ گئی اور وہ خالی ہاتھ واپس آگئے۔ میں نے انہیں کسی بھی طاق تعداد میں سورۃ کوثر پڑھ کر بھٹے والے کو روحانی ہدیہ کرنے کیلئے کہا۔ انہوں نے ایسا ہی کیا اور جب اگلے دن بھٹے والے کے پاس گئے تو نہ صرف اس نے احترام سے بیٹھا کر چائے پلائی بلکہ معذرت کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ آپ کو جہاں سے اینٹیں پسند ہیں وہاں سے لے جائیں۔ **(رضوان مجید صاحب)**

Qureshi Rohani.world

## دلی خواہش کے مطابق بیٹی کا رشتہ طے

میرے سسر صاحب کے ایک دوست کی بیٹی کا جہاں بھی رشتہ ہوتا تھا ٹوٹ جاتا تھا حالانکہ وہ پڑھی لکھی لڑکی ہے اور ہر لحاظ سے بہت سمجھدار ہے اور اسکی خوبصورتی میں بھی کوئی کمی نہیں ہے، لیکن اس لڑکی کی شادی نہیں ہو رہی تھی۔ ایک دن سسر صاحب نے مجھ سے تذکرہ کیا تو میں نے کہا آپ انہیں سورۃ کوثر والا عمل مسلسل پڑھنے کا مشورہ دیں۔ انہوں نے اپنے دوست کو بتا دیا اور انہوں نے سورۃ کوثر والا عمل پڑھنا شروع کر دیا۔ کچھ ہی دن گزرے تو وہ دوست ہاتھ میں مٹھائی کا ڈبہ لئے خوشی خوشی آ کر کہنے لگے کہ میری بیٹی کا رشتہ وہاں طے ہو گیا ہے جہاں میری دلی خواہش تھی لیکن میں ان سے اظہار نہیں کر پا رہا تھا۔ سورۃ کوثر کی برکت سے وہ خود رشتہ طے کر گئے ہیں۔

**(خرم غوری صاحب، لاہور)**

## اللہ نے رشوت سے بچالیا

میں گزشتہ دنوں پاسپورٹ کی تجدید کیلئے پاسپورٹ آفس گیا۔ کسی دوست نے بتایا تھا کہ جمعہ کے دن رش کم ہوتا ہے۔ میں نے گھر سے نکلتے وقت مسنون دعا پڑھ لی راستے میں بھی سورۃ کوثر اور دوسرے ذکر اذکار کرتا رہا۔ جب وہاں پہنچا تو رش بہت زیادہ تھا لیکن اللہ پاک نے ایسا سبب بنایا کہ جلد ہی میری باری آ گئی۔ میں نے فیس جمع کروا دی۔ وہاں مجھے ایک محلے دار ملا جو بتانے لگا کہ میں دو ہفتوں سے یہاں انتظار کر رہا ہوں۔ لوگ تو یہاں باری کے انتظار میں رات بھی گزارتے ہیں لیکن مجھے اب دو ہفتوں سے تجربہ ہو گیا ہے کہ رشوت کے بغیر کیسے کام نکلوانا ہے۔

وہ محلے دار مجھے کمرے میں ایک افسر کے پاس لے گئے اور مجھے آہستہ سے کہا کہ یہ افسر کسی بھٹی صاحب سے بہت ڈرتا ہے آپ اپنا موبائل مجھے دیں میں ان کو کہوں گا کہ یہ بھٹی صاحب کا فون سنیں لیکن میں نے کہا جی میں تو ایسا جھوٹ نہیں بولوں گا نہ ہی رشوت دوں گا۔ ان صاحب نے خود اپنا موبائل فون نکال کر ہی اس افسر سے کہا یہ بھٹی

Qureshi Rohani.world

صاحب سے بات کریں وہ افسر ڈر گیا اور جلدی سے اس نے میرے بینک کے چالان فارم پر مہر لگادی۔ اس طرح اعمال کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے جھوٹ اور رشوت سے بچاتے ہوئے میرا پاسپورٹ بنوا دیا۔ (نعیم جاوید صاحب، لاہور)

## سورۃ کوثر کے گاڑی پر مشاہدات

میں سورۃ کوثر سے فیض یاب ہونے کے متعلق بتانا چاہتا ہوں۔ پچھلے مہینے بدھ والے دن CNG نہیں مل رہی تھی۔ مجھے اچانک اپنی فیملی کے ساتھ ارجنٹ جناح ہسپتال گاڑی پر جانا تھا کیونکہ ڈلیوری کیس کا مسئلہ تھا۔ جب میں نے گاڑی کے سی این جی پوائنٹ دیکھے تو صرف دو پوائنٹ تھے۔ میں نے سوچا کہ یہاں ٹیمپل روڈ سے جناح ہسپتال جانا ہے پتہ نہیں وہاں تک پہنچیں گے بھی یا نہیں۔ میں نے 11 بار سورۃ کوثر پڑھ کر گاڑی کے انجن پر پھونک ماردی اور اللہ کا نام لے کر چل پڑا۔ اس عمل کی برکت سے ہم انہی دو پوائنٹ میں جناح ہسپتال گئے اور جب واپس آنے لگے تو پھر میں نے 11 بار سورہ کوثر پڑھ کر انجن پر پھونک ماردی۔ یقین جانئے جب ہم واپس پہنچے تو اس وقت بھی دو پوائنٹ موجود تھے۔ اللہ پاک نے سورہ کوثر کی برکت سے اتنی برکت ڈال دی جبکہ پٹرول والا پوائنٹ ورکنگ میں نہیں تھا۔ صرف CNG پر ہی گاڑی چلتی رہی۔

(س۔ا، لاہور)

## الجھی ہوئی زندگی 2 سورتوں نے سلجھادی

آج سے کچھ عرصہ پہلے زندگی کا نظام بالکل درہم برہم پڑا ہوا تھا۔ کاروبار میں، گھر میں حتیٰ کہ اپنی ذات میں بھی الجھن ہی الجھن تھی لیکن پھر اللہ پاک نے میرے خالو کو وسیلہ بنایا۔ حضرت جی دامت برکاتہم سے ملاقات کرنے کی توفیق ملی۔ حضرت دامت برکاتہم نے مجھے سورۃ کوثر کثرت سے پڑھنے کا فرمایا۔ میں نے دن رات سورۃ کوثر پڑھی اللہ پاک نے بہت نفع دیا۔

میری حضرت جی دامت برکاتہم سے دوسری ملاقات ملتان میں ہوئی۔ وہاں اللہ

Qureshi Rohani.world

پاک نے بیعت ہونے کی بھی توفیق عطا فرمائی اور حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے سورۃ الفیل کی اجازت عنایت فرمائی۔ وہ عمل کرتا رہا اللہ پاک نے اس کی عمل برکت سے بھی بہت نوازا اور آج الحمدللہ ہمارے گھر میں ہر طرف خیر و برکت، اتفاق و محبت اور وہ اللہ کی رحمت ہے کہ سبحان اللہ! پہلے میرا نماز میں بھی دل نہیں لگتا تھا اب نماز بھی دل لگا کر پڑھتا ہوں۔ آج میرے دو دوست بھی ساتھ آئے ہیں کہ ہمیں بھی اپنے پیر صاحب دامت برکاتہم کے پاس لیکر چلو۔ **(عباس صاحب، اوکاڑہ)**

## اللہ پاک کی طرف سے غیبی مدد

میں سورۃ کوثر کی برکت اور کمالات بیان کرنا چاہتا ہوں کہ میں اپنا مکان بنا رہا ہوں الحمدللہ حضرت جی دامت برکاتہم سے اینٹ پر دم کروا کر مکان کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس کے بعد میرے پاس کل رقم ساڑھے سات لاکھ تھی میں روزانہ ہر وقت سورہ کوثر پڑھتا رہتا ہوں۔ پچھلے دنوں میں نے حساب کیا تو حیران بھی ہوا اور اللہ پاک کا شکر بھی ادا کیا کہ میرے مکان پر اب تک ساڑھے 9 لاکھ لگ چکے ہیں اور ڈیڑھ لاکھ ابھی میرے پاس موجود ہیں۔ یہ سب سورۃ کوثر کے عمل کی بدولت برکت حاصل ہوئی ہے۔

**(محمد آصف صاحب، لاہور)**

## اللہ کے فضل سے بچہ بالکل نارمل پیدا ہوا

ایک بہن نے ڈنمارک سے مجھے فون کر کے کہا کہ میں بڑی مصیبت میں ہوں میری بیٹی حاملہ ہے اور ڈاکٹروں نے سکرین کی ہے کہ بچہ ابنارمل ہے آپ حضرت جی دامت برکاتہم سے کوئی عمل پوچھ کر بتائیں۔ میں نے انہیں کہا کہ حضرت جی دامت برکاتہم ہفتے کی شام کو بیرون ممالک سے فون سنتے ہیں آپ انہی سے رابطہ کر لیں۔ انہوں نے حضرت جی دامت برکاتہم سے جب رابطہ کیا تو حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا کہ سورہ کوثر 129 مرتبہ مع اول آخر 7 بار درود شریف پڑھ کر اپنی بیٹی کو دم کریں۔ الحمدللہ وہ دم کرتی رہیں۔ وہ بچہ جس کے بارے میں ڈاکٹر کہتے تھے کہ ابنارمل

Qureshi Rohani.world

ہے اوراس کیلئے آپریشن کرنا پڑے گا پھر بھی پتہ نہیں بچہ بچے یا نہ بچے وہ بغیر آپریشن کے پیدا ہوااور اللہ کے فضل سے بالکل نارمل حالت میں تھا۔

**(محمد الطاف صاحب، گجرات)**

## جتنا پڑھا اتنی ہی پریشانیاں ختم ہوئیں

میرا ٹرانسپورٹ کا کاروبار ہے۔ لاہور سے کراچی تک میری گاڑیاں چلتی ہیں۔ مجھے ہر وقت پریشانی لگی رہتی تھی اور ہر دن مجھے کسی نہ کسی مسئلے میں مشکلات کا سامنا ہوتا تھا۔ میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے پاس حاضر ہوا۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے سورۃ کوثر کا حکم دیا۔ میں نے پڑھنی شروع کردی اور جتنی زیادہ تعداد میں پڑھتا گیا اتنی ہی زیادہ پریشانیاں ختم ہوتی گئیں، مصیبتیں دور ہوتی گئیں۔ اب الحمدللہ! میں ہر وقت سورۃ کوثر پڑھتا رہتا ہوں جس کی برکت سے مجھے کوئی مسئلہ پیش نہیں آتا۔

## میرا کاروبار نقصان سے بچ گیا

سندھ میں اکثر لوگ سامنے آکر گاڑی روک لیتے ہیں اور بھتہ مانگتے ہیں۔ میں ان بھتہ خوروں سے بچنے کی نیت سے سورۃ کوثر پڑھتا رہتا ہوں اور میری گاڑیوں کے کسی بھی ڈرائیور کو نہیں روکا اور وہ خیریت سے گزر جاتے ہیں۔ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جب سے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے پاس حاضر ہوا ہوں میرے سارے مسائل حل ہوگئے ہیں اور میرا کاروبار نقصان سے بچ گیا ہے۔ (ف۔ر)

## خودکشی کی کوشش سے......خوشحالی تک

میں گوجرہ سے آیا ہوں اور رائیونڈ میں ایک ٹیکسٹائل ملز میں ملازمت کرتا ہوں۔ ایک سال پہلے میرے گھر کے حالات اتنے خراب تھے کہ خودکشی کرنے کیلئے تیار ہوگیا تھا۔ میرے بچے چھوٹی چھوٹی چیزوں کو ترستے رہتے تھے لیکن میں حالات کے ہاتھوں مجبور تھا۔ گھر میں ہر وقت جھگڑے، فسادات اور بے سکونی رہتی تھی۔ حالات اتنے

Qureshi Rohani.world

خراب تھے کہ میں بالکل بے بس ہو گیا تھا۔ کہیں سے مجھے عبقری رسالہ ملا اس میں مَیں نے حضرت جی دامت برکاتہم کے بارے میں پڑھا اور ملاقات کیلئے حاضر ہوا۔ میں بہت رو رہا تھا پریشان تھا۔ حضرت دامت برکاتہم نے فرمایا پریشان کیوں ہوتے ہو؟ میں آپ کا ساتھ دوں گا اور سورۃ کوثر کا وظیفہ عطا فرمایا۔ میں نے پڑھنا شروع کر دیا سوا لاکھ مرتبہ مکمل کیا۔ میرے گھر سے جادو کا مسئلہ ختم ہو گیا، حالات سنورنا شروع ہو گئے اور سورۃ کوثر کے بہت سے کمالات حاصل ہوئے۔ اب جہاں بھی کام ہو سورۃ کوثر کی برکت سے آسانی سے ہو جاتا ہے، ٹریفک میں پریشانی ہو تو سورۃ کوثر پڑھنے سے راستے کھل جاتے ہیں جس مقصد کیلئے بھی پڑھوں فوری مقصد حاصل ہو جاتا ہے۔

اس وقت تقریباً سوا لاکھ بار پڑھ چکا ہوں۔ پڑھتے پڑھتے بہت سکون ملتا ہے پھر بے ساختگی میں ہاتھ اٹھا کے حضرت صاحب دامت برکاتہم کیلئے دعائیں مانگنا شروع کر دیتا ہوں، ان کی نسلوں کیلئے بھی دل سے دعائیں نکلتی ہیں۔ عرض کرتا ہوں کہ یا اللہ! ان کی نسلوں کو سنوار دے، یا اللہ! میں ان کو تو اور کچھ نہیں دے سکتا بس دعائیں ہی دے سکتا ہوں۔ (ا۔خ، گوجرہ)

## جوائننگ کے باوجود ٹرانسفر آرڈر کینسل ہو گیا

ایک صاحب بتانے لگے کہ میرے بھائی میلسی میں UA ہیں۔ جن کا تبادلہ ملتان کر دیا گیا ابھی وہ انہی سوچوں میں تھے کہ یہ تبادلہ کیسے رکواؤں کہ ان کا متبادل شخص ملتان سے میلسی بھیج دیا گیا اور اب تو ان کا جانا یقینی تھا لیکن وہ جانا نہیں چاہتے تھے۔ اتوار کو انہوں نے جوائننگ دینی تھی۔ میں نے جمعرات کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے عرض کی کہ بھائی کا ٹرانسفر کیسے رکوائیں؟ حضرت جی دامت نے فرمایا کہ سورۃ کوثر پورے یقین اور قوت کیساتھ پڑھیں اور بھائی کو کہیں کہ وہاں بالکل نہ جائیں۔ میں نے جا کر بھائی کو حضرت دامت برکاتہم کا فرمان سنایا۔ بھائی کہنے لگا کہ اب پڑھنے سے کیا ہو گا اب تو بندہ بھی میلسی میں آ گیا ہے۔ میں نے کہا کہ ’’قلندر چہ

Qureshi Rohani.world

گو ید حق گو ید"۔ حضرت دامت برکاتہم نے جو فرمادیا ہے اس میں خیر ہی خیر ہے۔ اس نے سورۃ کوثر پڑھنا شروع کر دی اور کثرت سے پڑھتا رہا۔ اِدھر اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ وہ بندہ واپس ملتان چلا گیا اور بھائی کے ٹرانسفر آرڈر کینسل ہو گئے۔ (عمر صاحب)

## حالات میں بہتری آنا شروع ہوگئی

ایک صاحب نے بتایا کہ میں حضرت صاحب دامت برکاتہم کی ہدایت کے مطابق صبح و شام باقاعدگی سے 129 بار سورۃ کوثر پڑھتا ہوں۔ اس کے پڑھنے کی برکت سے میرے حالات میں بہتری ہوں گے ہیں۔ (ح۔س)

## جنات نے گاڑی کے ٹائروں کے نٹ کھول دیئے

حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے صبح و شام 129 مرتبہ سورۃ کوثر مع اول و آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھنے کا فرمایا تھا۔ یہ وظیفہ میں باقاعدگی سے خلوص نیت کیساتھ پڑھتا رہتا ہوں۔ میرے ایک رشتہ دار ہیں انکی بیٹی پر جنات کا سایہ تھا۔ میں اس سلسلے میں حضرت دامت برکاتہم کے پاس حاضر ہوا تھا۔ وہ جنات بہت عجیب و غریب شرارتیں کرتے رہتے تھے۔ ایک دن میں سفر میں تھا کہ انہوں نے میری گاڑی کے ٹائر کے چاروں نٹ کھول دیئے اور ٹائر اس حالت میں ہو گئے جیسے ابھی ٹائر کھل جائیں گے۔ میری گاڑی کی اس وقت سپیڈ بہت تیز تھی۔ میں نے سورۃ کوثر کا ورد شروع کر دیا اور الحمدللہ بالکل خیریت سے گھر پہنچ گیا۔ جب میں نے دیکھا تو وہ نٹ ہاتھ سے آسانی سے ہی کھل رہے تھے۔ اللہ کا کرم ہے کہ سورۃ کوثر کی برکت سے وہ جنات میرا کچھ نہیں بگاڑ سکے اور وہ بچی بھی بالکل ٹھیک ہے۔ (عطاء اللہ صاحب)

## شدید بخار میں مبتلا بچی دم کرنے سے ٹھیک

میں سیالکوٹ کا رہائشی ہوں۔ پچھلے دنوں جب میں چھٹی پر گھر واپس گیا تو آدھی رات کے وقت میری چھوٹی بیٹی نے اچانک رونا شروع کر دیا۔ میں نے گھر والوں

Qureshi Rohani.world

سے پوچھا تو معلوم ہوا کہ اسے دو تین دن سے بخار ہے اور پیٹ میں سخت درد کی وجہ سے یہ ایسے ہی روتی ہے۔ ڈاکٹروں سے دوائی بھی لیکر استعمال کرائی ہے لیکن کچھ افاقہ نہیں ہو رہا۔ میں نے فوراً وضو کیا اور 129 بار سورۃ کوثر مع اول و آخر سات بار درود شریف پڑھ کر بچی پر دم کر دیا۔ یقین جانئے اس عمل کی برکت سے بچی پرسکون ہو گئی اور بالکل آرام سے سو گئی۔ **(شبیر حسین صاحب، سیالکوٹ)**

## خواب میں مرشد کیساتھ رسول ﷺ کی طرف سفر

میں روزانہ 129 بار سورۃ کوثر صبح و شام پڑھنے والا عمل کرتا ہوں۔ ایک دن میں نے صبح فجر کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورۃ کوثر پڑھی اور سو گیا میں نے خواب میں دیکھا کہ یا حفیظ، یا حفیظ پڑھ رہا ہوں۔ پھر میں نے دیکھا کہ آپ دامت برکاتہم اونٹ پر سوار ہیں، سر پر دستار مبارک باندھی ہوئی ہے۔ میں بھی آپ دامت برکاتہم کے ساتھ سرکار مدینے والے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف جا رہے ہیں ہر طرف سے ''لبیک اللھم لبیک'' کی صدائیں بلند ہو رہی ہیں اور میرے دل سے بھی یہی آواز بلند ہو رہی ہے ''اللھم لبیک، اللھم لبیک'' **(محمد بلال صاحب)**

## بیٹی کی شادی غیب سے 15 لاکھ کا انتظام

جب حضرت دامت برکاتہم سے سورۃ کوثر کے کمالات سنے تو میں نے آگے جس کو بھی بتائے اسی نے اس سے برکت حاصل کی۔ ابھی ایک تازہ ترین واقعہ ہے کہ ایک قریبی دوست کے گھر شادی تھی لیکن ان کے حالات اتنے خراب تھے کہ وہ گھر بیچنے کے بارے سوچ رہے تھے چونکہ بیٹی کا مسئلہ تھا میں نے انہیں سورۃ کوثر والا عمل بتایا اور ساتھ برکت والی تھیلی دی۔ انہوں نے دونوں اعمال شروع کر دیئے۔ اللہ نے خاص الخاص کرم فرمایا اور ان کو معلوم نہ ہو سکا کہ ان کے پاس چودہ پندرہ لاکھ روپے آ گئے اور ان کی بیٹی کی شادی آسانی سے ہو گئی۔ **(ع۔ق)**

Qureshi Rohani.world

## سورۃ کوثر کی برکت سے بجلی کا بل کم آیا

میں نے بسم اللہ کے ساتھ سورۃ کوثر والا عمل لاتعداد میں پڑھ کر بجلی والے میٹر پر دم کیا ہے۔ میں اور میرا بیٹا دونوں جب گھر سے نماز عشاء پڑھنے کیلئے نکل کر مسجد کی طرف جاتے ہیں اور مسجد سے نماز پڑھ کر نکلتے ہیں تو سورۃ کوثر مع بسم اللہ 11 مرتبہ پڑھ کر بجلی کے میٹر پر دم کر دیتے ہیں۔ اللہ کا احسان ہے کچھ لوگ مانتے نہیں ہیں کہ آپ کے گھر میں فریج ہے اور فیملی بھی بڑی ہے پھر بھی بل کم آتا ہے۔ پہلی بار بجلی کا بل 153 روپے اور دوسری مرتبہ 141 روپے آیا۔ لوگ کہتے ہیں کہ آپ میٹر چلاتے ہی نہیں ہیں۔ یہ بسم اللہ شریف اور سورۃ کوثر کے عمل کی برکت ہے۔ میں نے کئی مرتبہ آزمایا ہے یہ اللہ کی مہربانی ہے۔ **(خدابخش صاحب، گوجرہ)**

## وقت اور پٹرول میں برکت

میں صبح وشام 129 بار سورۃ کوثر اول وآخر طاق تعداد میں درود ابراہیمی پڑھتا ہوں۔ جس کے پڑھنے کی برکت سے نہ صرف میرے رزق کے اندر بلکہ پٹرول اور وقت میں بھی بے پناہ برکت اور اضافہ ہوا ہے۔ حالانکہ اس سے پہلے ایسا کچھ نہیں ہوا تھا۔ یہ سب سورہ کوثر والے عمل کی برکت سے ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس میں مزید برکت عطا فرمائے۔
**(احتشام صاحب، لاہور)**

## کینیڈین امیگریشن کا مسئلہ حل ہوگیا

السلام علیکم! میرا نام سہیل افضل ہے۔ میری خالہ کینیڈا میں رہتی ہیں، میرے خالو فوت ہوگئے تھے۔ وہاں کچھ عدالت کے کام تھے جو رک گئے تھے۔ پچھلے چھ سات ماہ سے وہاں پر ان کے عدالتی معاملات حل نہیں ہو رہے تھے۔ اس مسئلے کیلئے وہ ہم سے فون پر بات کرتی رہیں لیکن ان کا مسئلہ حل نہیں ہو رہا تھا اور جج بضد تھا کہ آپ کو کاغذات نہیں ملنے آپ چاہے جو مرضی کرلیں۔ اسی دوران میں عبقری کے دفتر آتا

Qureshi Rohani.world

جاتا رہتا تھا۔ اچانک میرے ذہن میں حضرت جی دامت برکاتہم کا بتایا ہوا وظیفہ نوافل کے بعد 129 بار سورہ کوثر والا آیا۔ جب مجھے خالہ کا فون آیا تو میں نے انہیں کہا کہ آپ اپنے مسئلے کے حل کیلئے سورۃ کوثر والا وظیفہ پڑھیں ان شاء اللہ آپ کا کام چند ہی دنوں میں ہو جائے گا۔ انہوں نے پڑھنا شروع کر دیا اور کچھ دنوں بعد جب وہ جج کے سامنے پیش ہوئیں تو وہی جج اور وہی وکیل تھا جنہوں نے کوئی بات نہیں کی اور جج صاحب نے خالہ کو فائل دے دی بس اتنا کہا کہ آپ جہاں چاہیں جا سکتی ہیں۔ اس طرح میری خالہ کا دیرینہ مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ **(سہیل افضل صاحب)**

## بجلی اور گیس کے میٹر جام ہو گئے

السلام علیکم! میری ہمشیرہ کا بجلی اور گیس کا بل بہت زیادہ آتا تھا۔ جس کیلئے میں نے انہیں سورۃ کوثر والا عمل صبح و شام پڑھ کر میٹروں پر دم کرنے کیلئے کہا۔ انہوں نے کچھ دن یہ عمل پڑھ کر دونوں میٹروں پر دم کیا جس کی برکت سے ان کے بل 50 روپے کے قریب آنا شرع ہو گئے اور دونوں میٹر جام ہو گئے۔ بعد میں محکمہ والوں نے ان کے میٹر اتار کر نئے لگا دیئے کہ آپ کے میٹر جام ہو گئے ہیں اس لئے نئے میٹر لگا رہے ہیں۔ انہوں ان پر سورۃ کوثر 129 بار اول و آخر درود پاک کے جاری رکھی۔ الحمدللہ! اب بھی ان کے بل نہ ہونے کے برابر آتے ہیں۔ **(طاہر عالم صاحب)**

## گندم میں برکت ہی برکت

ہم جب بھی پورے سال کی گندم اکٹھی خریدتے ہیں تو سب گھر والے ایک ساتھ بیٹھ کر اس پر سورۃ کوثر پڑھتے ہیں۔ اس سے گندم میں برکت ہوتی ہے اور وہ خراب بھی نہیں ہوتی۔ میں یہ عمل دو سال سے کر رہا ہوں اس کی بہت برکات ہیں۔ جبکہ ہمارے ہمسائیوں نے بھی ہمارے ساتھ گندم ایک ہی جگہ سے خریدی تھی۔ ان کی گندم 2 ماہ کے بعد ہی خراب ہو گئی۔ ماشاء اللہ میری گندم میں بہت ہوتی ہے اور خراب بھی نہیں

Qureshi Rohani.world

ہوتی۔ پچھلے سال میں نے پندرہ من گندم خریدی تھی، ہم گھر میں 10 افراد ہیں جس میں اللہ تعالیٰ برکت عطا فرماتا ہے۔ (خدا بخش صاحب، گوجرہ)

## الیکٹریشن کے بغیر ہی موٹر ٹھیک

السلام علیکم! ایک مرتبہ ہماری بجلی نہیں آ رہی تھی اگر آتی بھی تھی تو موٹر نہیں چلتی تھی میں الیکٹریشن کو بلا کر لایا تو اس نے کہا کہ کام ذرا زیادہ ہے میں بعد میں آ کر ٹھیک کر دوں گا۔ ہم سب گھر والوں نے سورۃ کوثر، اذان اور افحسبتم والا عمل پڑھنا شروع کر دیا۔ جس کی برکت سے الیکٹریشن کے بغیر ہی دو گھنٹے کے بعد موٹر ٹھیک ہو کر چلنا شروع ہو گئی۔ (حافظ نصر اللہ صاحب، سرگودھا)

## 5 بہن بھائیوں کے رشتوں کی بندش ختم

السلام علیکم! میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ عرصہ تین سال پہلے ہم حضرت صاحب کے پاس رشتوں کے سلسلے میں حاضر ہوئے تھے۔ کچھ رشتوں کی بندش اس طرح سے کی گئی تھی کہ ہمارے رشتے ہوتے ہی نہیں تھے۔ ماشاء اللہ ہم پانچ بہن بھائی ہیں میری دو بہنوں کے رشتے الحمدللہ 2011ء اور 2012ء میں ہو گئے ہیں۔ لوگ مجھے کہتے تھے کہ تمہارے رشتے نہیں ہو سکتے چاہے جو مرضی کر لو۔ لیکن الحمدللہ، اللہ کے کرم سے اٹھارہ اکتوبر 2013ء عید کے تیسرے دن میری شادی ہوئی ہے اور الحمدللہ یہ تمام اعمال کی برکت ہے۔ خصوصاً سورۃ کوثر کا عمل جو حضرت صاحب نے بتایا تھا ہم سب گھر والوں نے ہر روز تین چار ہزار مرتبہ بعض اوقات تو ہم نے 10 ہزار مرتبہ پڑھا تھا۔ یہ سب اس عمل کی برکت ہے۔ (م۔ش، لاہور)

## ہر مقصد میں فائدہ ہی فائدہ

میں نے سورۃ کوثر والے عمل کو جس مقصد کیلئے بھی استعمال کیا اس میں فائدہ ہی فائدہ ہوا۔ یہاں تک کہ اس کی برکت سے میرے بہت سے ناممکن مسائل حل ہو گئے

Qureshi Rohani.world

ہیں۔الحمدللہ عبقری اور حضرت صاحب دامت برکاتہم کی طرف سے تمام بتائے ہوئے عمل پرتاثیراور بابرکت ہیں الحمدللہ، اللہ پاک ہم سب کوعمل کی توفیق عطافرمائے۔

(طارق صاحب)

## قتل کے مقدمے سے بری

السلام علیکم! مجھے حضرت صاحب دامت برکاتہم نے سورۃ کوثراور حـم لایـنـصـرون والاعمل بتایا تھا۔آج سے دوسال قبل ہم پرایک گاڑی حادثے میں قتل کا مقدمہ ہوگیا تھااورہم سولہ دن جیل میں رہے۔لیکن مقدمہ ختم نہیں ہورہا تھا۔اس سلسلے میں ہم نے سورۃ کوثراورحـم لایـنـصـرون والاعمل کیاتو میں چودہ دن کے اندرجیل سے رہاہوکرمقدمے سے بری ہوگیا۔حالانکہ لوگ کہتے تھے کہ دفعہ 302 کے مقدمے سے تولوگ دو سال تک جیل سے باہرنہیں آتے تم خوش نصیب ہو۔(ض۔م)

## بغیرانٹرویوکے امریکہ کاویزہ مل گیا

السلام علیکم! ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میری امریکہ ایمبسی میں اپوائنٹ منٹ تھی۔سب لوگ کہتے تھے کہ حالات بہت خراب ہیں امریکہ والے ویزہ نہیں دیتے۔چاہے کچھ بھی کرلوتمہیں اتنے لاکھ کی سٹیٹ منٹ، کاغذات، کاروبار کے متعلق اور بہت سے سوالات کریں گے۔لیکن جب میں اندرگیاتومسلسل سورہ کوثرپڑھتارہا۔جس کے پڑھنے کی برکت سے ایمبسی والوں نے مجھ سے ایک بھی سوال نہیں کیااورچارسال کا ویزہ دے دیا۔جبکہ میرے کچھ ساتھیوں کادوسال سے ویزہ سٹیمپ ہوکرنہیں آرہا۔ الحمدللہ وظیفہ پڑھنے کے دوسرے ہی دن انہوں نے مجھے ویزہ دے دیا۔

(راشد صاحب)

## شدیدمرض سے صحت یابی

السلام علیکم! میں ٹرائی جیمینل نیورولوجیا کامریض تھا۔2011 میں حضرت جی دامت برکاتہم کی خدمت میں حاضرہوا۔حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے سورۃ کوثر

Qureshi Rohani.world

والا عمل پڑھنے کا حکم فرمایا۔ اس سے پہلے میں پندرہ بیس مرتبہ اس مرض سے نجات کیلئے سرجری کروا چکا تھا۔ میرے اعصاب میں ہر وقت درد رہتا تھا اور چہرے کی بائیں طرف درد ہوتی تھی۔ ایسا مرض جس میں (Never Pain) ہوا سے نیورالوجیا کہتے ہیں۔ یہ مرض مجھے 2007ء سے تھا۔ اس کیلئے میں نے مختلف ایلوپیتھک دوائیں استعمال کیں اور لیزر ٹریٹمنٹ بھی کروایا ان سے بھی کوئی فرق نہیں پڑا۔ حضرت جی دامت برکاتہم سے ملاقات کے بعد میں نے سورۃ کوثر کا ورد کثرت سے کیا تب سے میرا درد ختم ہو گیا ہے اور اب کبھی دوبارہ نہیں ہوا۔ (ش۔د)

## خطرناک راستے میں اللہ کی مدد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

السلام علیکم! ایک رات میں موٹر سائیکل پر کسی ایسے علاقے سے گزر رہا تھا جہاں ڈکیتی کے بہت زیادہ واقعات ہوتے ہیں اس دوران میں مسلسل سورہ کوثر پڑھ رہا تھا۔ اچانک میری موٹر سائیکل سے پٹرول ختم ہو گیا راستہ بھی خطرناک تھا۔ پیچھے سے موٹر سائیکل پر دو افراد آئے اور وہ مجھے کراس کر کے آگے چلے گئے اور پھر واپس آکر پوچھنے لگے کہ کیا ہوا ہے؟ میں نے بتایا کہ پٹرول ختم ہو گیا ہے۔ ان کے پاس ایک واٹر کولر تھا انہوں نے اس کا ڈھکن اتار کر اس میں اپنی موٹر سائیکل سے پٹرول نکالا اور مجھے دے دیا تاکہ پٹرول پمپ تک بآسانی پہنچ جاؤں۔ اس طرح سورۃ کوثر کے عمل کی برکت سے اللہ پاک نے میری مدد فرمائی۔ میں جب پٹرول ڈلواتا ہوں اس وقت سورۃ کوثر پڑھ لیتا ہوں۔ اس کی برکت سے پٹرول میں بہت برکت ہوتی ہے۔ الحمدللہ! میں اب تک تقریباً سوا دو لاکھ مرتبہ سورہ کوثر والا عمل پڑھ چکا ہوں۔

(شہزاد محمود صاحب، راولپنڈی)

## پٹرول ختم ہونے پر بھی بآسانی سفر

میرا نام محمد نعیم ہے اور میں فیصل آباد سے آیا ہوں۔ پچھلے دنوں میں اپنے والد

Qureshi Rohani.world

صاحب کی ہسپتال میں عیادت کر کے واپس آ رہا تھا میرے ساتھ میری اہلیہ اور بچے بھی تھے کہ راستے میں موٹر سائیکل کا پٹرول ختم ہو گیا۔ میں نے ٹینکی کھول کے دیکھا تو ٹینکی بالکل خشک ہو چکی تھی۔ میں نے چند مرتبہ سورۃ کوثر پڑھ کر ٹینکی پر پھونک ماردی اور اللہ پر کامل یقین رکھتے ہوئے پہلی ہی کک ماری تو موٹر سائیکل سٹارٹ ہو گئی اور اللہ کے فضل و کرم سے میں پٹرول پمپ تک آسانی سے پہنچ گیا۔

(محمد نعیم صاحب، فیصل آباد)

## برکت والی تھیلی کی برکت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

میری امی روزانہ صبح و شام 129 بار سورۃ کوثر والا عمل پڑھتی ہیں۔ اس اتوار کو امی نے تھیلی میں 300 روپے رکھے تھے اور جب تھوڑی دیر بعد ان کی ضرورت پڑنے پر نکالے تو وہاں 300 کی بجائے 400 روپے موجود تھے۔ سورۃ کوثر کے عمل کی برکت سے اللہ پاک نے 100 روپے کا اضافہ کر دیا۔ (محمد عمر صاحب)

## روضہ رسول ﷺ پر حاضری کی خواہش پوری ہوگئی

میں 2004ء سے حضرت صاحب دامت برکاتہم کی خدمت میں آ رہا ہوں تسبیح خانے میں آ کر درس کے بعد ذکر خاص پڑھنا شروع کرتا تو اس پر بنی ہوئی خانہ کعبہ اور روضہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تصویر دیکھ کر ذکر کرتے کرتے دعا کرتا کہ یا اللہ! اپنے گھر کا طواف کرا دے اور روضہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت بھی کروا دے۔ اللہ تعالیٰ نے اس ذکر کی برکت سے اور حکیم صاحب دامت برکاتہم کی دعاؤں کے طفیل میرا کام بنا دیا اور اب الحمدللہ پیر والے دن میں اور میری والدہ عمرے پر جا رہے ہیں۔ حکیم صاحب دامت برکاتہم نے سورۃ کوثر کا عمل پڑھنے کیلئے عنایت فرمایا ہوا ہے اس کی برکت سے میں عمرے کے ٹکٹ کے سلسلے میں جہاں بھی گیا وہاں سے مثبت اور الحمدللہ! اچھا اور سستا پیکج ملا ہے۔ (عامر صاحب۔ PCSIR)

Qureshi Rohani.world

## کاروباری پریشانیوں کا حل

حضرت صاحب دامت برکاتہم نے مجھے سورۃ کوثر کا عمل بتایا تھا کہ صبح شام 129 بار سورۃ کوثر مع اول آخر 7 بار درود شریف پڑھ کر برکت والی تھیلی پر دم کرنا ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس سے کاروبار میں اضافہ اور برکت ہوئی ہے اور جو پریشانیاں تھیں ان سے چھٹکارا حاصل ہوا ہے۔ (نوید صاحب)

## موبائل کے بیلنس میں برکت

میں صبح وشام 129 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھ کر برکت والی تھیلی پر دم کرتا ہوں۔ اس کے ساتھ ہی اپنے موبائل پر بھی دم کر دیتا ہوں۔ اب اللہ کا شکر ہے کہ پچھلے دو ماہ سے مجھے اس میں کارڈ یا ایزی لوڈ نہیں کروانا پڑا۔ الحمدللہ وہ بیلنس اللہ کے فضل سے بچا ہوا ہے۔

(ہارون احمد صاحب)

## قبضہ گروپ سے خلاصی

.میں شعبہ وکالت سے تعلق رکھتا ہوں ہمارے گاؤں چونیاں میں ایک غریب آدمی فوت ہو گیا اور اس کی وفات کے فوراً بعد ہی چند فتنہ پرور لوگوں نے اس کی زمین پر قبضہ کرنے کیلئے کیس کر دیا۔ اس کی بیوہ بیچاری میرے پاس روتی ہوئی آئی اور کہنے لگی کہ ہماری زمین ختم ہو جائے گی آپ کچھ کریں کیونکہ بورڈ آف ریونیو کا ممبر بھی کچھ نیگیٹو ذہن کا مالک تھا اس نے خفیہ طور پر ان لوگوں سے ساز باز کر کے بیوہ کے خلاف رپورٹ تیار کر لی تھی۔ میں نے اس عورت کو کہا کہ آپ کثرت سے سورۃ کوثر پڑھو میں بھی کچھ کرتا ہوں۔ جس دن ان کی عدالت میں شنوائی تھی اس دن میں گھر سے اپنے معمولات کے اذکار ''حسبی اللہ ونعم الوکیل، نعم المولیٰ ونعم النصیر'' پڑھتا ہوا ہائیکورٹ پہنچا۔ وہاں جا کر میں نے عدالت کی مسجد میں دو نفل صلوۃ الحاجت پڑھے اور پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی پڑھی اور دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص اور پھر دعا کی کہ یا اللہ! اس غریب بیوہ پر مہربانی فرما۔ جو لوگ ناجائز

Qureshi Rohani.world

قابض تھے وہ بیس تیس افراد پیشی پر آئے ہوئے تھے۔ الحمدللہ! سورۃ کوثر کی برکت سے اللہ پاک نے اس بیوہ کا مسئلہ حل کر دیا۔ (ا۔ص، چونیاں)

## وظیفے سے چھٹی برکت سے بھی چھٹی

میں جب بھی اپنی برکت والی تھیلی پر 129 بار سورۃ کوثر والا عمل کرتا ہوں تو تھیلی بھری رہتی ہے اور جب وظیفہ کرنے سے چھٹی ہوتی ہے تو اس دن تھیلی کی بھی چھٹی ہو جاتی ہے۔ (فیاض صاحب)

## خواب میں قیامت کا منظر

پچھلے ہفتے میں سورۃ کوثر پڑھتے پڑھتے سو گیا۔ مغرب کا وقت تھا میں نے خواب میں دیکھا کہ قیامت کا منظر ہے اور لوگوں کے جھنڈ آرہے ہیں لیکن ایک چیز جو سب میں نمایاں تھی وہ یہ کہ سب کے چہرے بدلے ہوئے ہیں یعنی کسی کی ناک بڑھی ہوئی ہے، کسی کا چہرہ کیسا ہے اور کسی کا کیسا۔ ایک طرف سے حضرت جی دامت برکاتہم کا قافلہ آیا لیکن ان سب کے چہرے اپنی اصلی حالت میں ہیں۔ میں سوچنے لگا کہ میں بھی ان کے قافلے میں شامل ہو جاؤں۔ اتنے میں حضرت دامت برکاتہم نے مجھے ہاتھ سے اشارہ فرمایا کہ جلدی سے آگے آجاؤ۔ میں بھی انکے قافلے میں جا کر مل گیا۔

(عرفان صاحب)

## ٹائر پنکچر لگوائے بغیر ہی ٹھیک ہو گیا

السلام علیکم! دو ہفتے پہلے میں درس کے اختتام پر یہاں سے ایک بزرگ کو ان کے گھر چھوڑنے گیا راستے میں میری موٹر سائیکل پنکچر ہوگئی۔ میں نے بہت جگہوں پر دیکھا لیکن اس وقت کوئی دکان نہیں کھلی ہوئی تھی۔ میں نے سوچا ان بزرگ کو ان کے مقام پر ضرور پہنچانا ہے اگرچہ میرے ٹائر ٹیوب ہی کیوں نہ پھٹ جائیں۔ میں موٹر سائیکل کو پنکچر حالت میں ہی چلاتا رہا اور ساتھ سورۃ کوثر پڑھنی شروع کر دی۔ راستے میں تقریباً دو کلومیٹر آگے جا کر ایک پنکچر والی دکان کھلی ہوئی تھی۔ جب اس سے چیک کروانے گیا تو

Qureshi Rohani.world

اس نے کہا کہ آپ کا ٹائر تو ہوا سے بھرا ہوا ہے آپ نے پنکچر کیوں لگوانا ہے۔ جب میں نے غور کیا تو میری حیرت کی انتہا نہ رہی کہ واقعی وہ ٹائر جو راستے میں بالکل زمین کے ساتھ لگتا ہوا چل رہا تھا اور محسوس ہوتا تھا کہ ابھی موٹر سائیکل گر جائے گی وہ ٹائر ہوا سے مکمل بھرا ہوا تھا۔ اللہ پاک نے سورۃ کوثر کا یہ کرشمہ دکھایا کہ ٹائر پنکچر لگوائے بغیر ہی ٹھیک ہوگیا۔ (**محمد صادق صاحب، لاہور**)

## ایک ماہ کا راشن اڑھائی ماہ تک چلا

میں ہر ماہ پورے مہینے کا راشن اکٹھا خرید کر اس پر اول آخر درود شریف کے ساتھ 41 مرتبہ سورہ کوثر کا دم کرتا ہوں۔ جس کی برکت سے اللہ کا فضل ہے کہ جو راشن مہینے میں ختم ہو جاتا تھا وہ اڑھائی ماہ تک چلتا رہتا ہے۔ (**شفیق صاحب**)

## قرض کی ادائیگی اور کاروبار میں فراوانی

میرے کزن کا کاروبار عروج پر تھا لیکن پھر پتہ نہیں کیا ہوا کہ ان کا کاروبار آہستہ آہستہ زوال پذیر ہونا شروع ہوگیا۔ ان کی گاڑی کا ایکسیڈنٹ ہوا تو انہیں بارہ تیرا لاکھ کے نقصان کا سامنا کرنا پڑا اور وہ کافی مقروض ہوگئے۔ میں نے انہیں سورہ کوثر پڑھنے کیلئے کہا لیکن وہ نہ مانا۔ پھر میں نے اس کے گھر جا کر اس کی بیوی کو سورہ کوثر بتائی تو اس نے پڑھنی شروع کر دی۔ اس کی برکت سے اب ان کا قرض اتر گیا ہے اور ان کا کاروبار بھی واپس اپنی روٹین میں آگیا ہے۔ (**شبیر حسین صاحب**)

## الحمدللہ خوشحال ہوگیا ہوں

میں سکھر میں پراپرٹی ڈیلر ہوں میرا کام بالکل ٹھنڈا، مندا ہوگیا تھا، سر پر قرض آگیا لیکن شرم کے مارے میں نے کسی کے آگے ذکر نہیں کیا۔ ایک دفعہ حضرت جی دامت برکاتہم سکھر تشریف لائے اور درس میں بہت سے اعمال عنایت فرمائے۔ میں نے سورہ کوثر والا عمل شروع کر دیا اور اپنے پاس برکت والی تھیلی رکھ لی۔ مسلسل سورہ کوثر 129 دفعہ صبح شام پڑھتا رہا۔ چند ماہ بعد میں حضرت دامت برکاتہم کی خدمت میں

Qureshi Rohani.world

حاضر ہوا اور عرض کی کہ اب میں الحمدللہ! خوشحال ہو گیا ہوں، میرا قرض اتر گیا ہے، میرا کاروبار چمک گیا ہے اور میری تھیلی ہر وقت بھری رہتی ہے۔

**(عبدالواسع صاحب، سکھر)**

## ہر ماہ 20 لیٹر پٹرول کی بچت

میں ایک پرائیویٹ ادارے میں جاب کرتا ہوں کمپنی کی طرف سے مجھے 50 لیٹر پٹرول ملتا ہے جو ہر ماہ مہینہ ختم ہونے سے پہلے ہی ختم ہو جاتا تھا۔ میں نے یہ عمل کیا کہ جب بھی پٹرول ڈلوانے لگتا ہوں اول و آخر ایک بار درود شریف کیساتھ 7 بار سورہ کوثر پڑھ کر پھونک مار دیتا ہوں۔ اب عالم یہ ہے کہ ہر ماہ مجھے 20/15 لیٹر پٹرول بچ جاتا ہے۔ میرے دوست کہتے ہیں کہ تمہارا ایریا بھی ہم سے زیادہ ہے پھر بھی تم پندرہ بیس لیٹر پٹرول کیسے بچا لیتے ہو؟ میں نے کہا کہ تم بھی سورہ کوثر والا عمل کرو اور اسکے کرشمے دیکھو۔

**(کاشف صاحب)**

## 27 سالہ سے رکی ہوئی پروموشن کا مسئلہ حل

السلام علیکم! آپ دامت برکاتہم کو میری مسز ائیر پورٹ پر ملی تھیں۔ آپ اس وقت رحیم یار خان جا رہے تھے۔ میری مسز نے اس دوران آپ سے اپنی پروموشن کے متعلق بات کی تھی کہ میری پروموشن نہیں ہو رہی۔ آپ نے سورۃ کوثر کا ورد بتایا کہ 5 لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ ہم دونوں میاں بیوی نے مل کر سورۃ کوثر روزانہ ہزاروں کی تعداد میں پڑھنا شروع کر دی۔ اللہ کے فضل اور سورۃ کوثر کی برکت سے جو پروموشن کا مسئلہ ستائیس سال سے حل نہیں ہو رہا تھا وہ کچھ ہی دنوں میں حل ہو گیا۔ حالانکہ پروموشن کیلئے ہم چیف منسٹر، وزیر اعظم ہاؤس تک گئے لیکن کہیں کوئی شنوائی نہیں ہو رہی تھی۔ یہ سورۃ کوثر ہی کی برکت ہے کہ ہمارا مسئلہ بآسانی حل ہو گیا۔ (م۔ح)

## سورۃ کوثر کے عمل سے رکشہ والے کو برکت ملی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

Qureshi Rohani.world

ایک بار میں شدید سردی میں درس سے فارغ ہو کر گھر جا رہا تھا میں ایک چنگ چی رکشے پر بیٹھا ہوا تھا لیکن اس وقت کوئی اور سواری نہیں آ رہی تھی حالانکہ رکشے اور بھی بہت سے خالی کھڑے تھے۔ میں نے سوچا یہ مجھ اکیلے کو کیسے لے کر جائے گا۔ میں نے اس کی نیت سے خود بھی سورۃ کوثر پڑھنا شروع کر دی اور اسے بھی کہا کہ آپ سورۃ کوثر پڑھو۔ ابھی ہم نے سورۃ کوثر پڑھنا شروع ہی کی تھی کہ سواریاں آنا شروع ہو گئیں اور آ کر اسکے رکشے پر بیٹھنے لگیں۔ حتیٰ کہ رکشے پر کوئی سیٹ بھی خالی نہ بچی اور سواریاں ابھی بھی اس کی طرف آ رہی تھیں۔ پھر اس نے کہا جی آپ کسی دوسرے رکشے پر بیٹھ جائیں۔ سورۃ کوثر کی برکت سے اللہ پاک نے اس کا رکشہ چند منٹوں میں ہی بھر دیا۔

**(انیس صاحب)**

## کروڑوں روپے کی بلڈنگ خرید لی

ہمارے ایک دوست سپریم کورٹ کے سینئر وکیل ہیں۔ حضرت جی نے 2010ء میں سورۃ کوثر اور تھیلی والا عمل عبقری رسالے میں شائع کیا تھا۔ میں نے اپنے ان دوست کو تھیلی ہدیہ کی۔ کچھ عرصہ پہلے وہ عدالت میں مجھے ملے اور شکریہ ادا کیا کہ آپ کی تھیلی کی وجہ سے مجھے ایک برکت ملی ہے کہ میرے پڑوس میں ایک بلڈنگ فروخت ہو رہی تھی جس کی مالیت کروڑوں روپے تھی۔ میرے پاس اسباب نہیں تھے کہ میں یہ بلڈنگ خرید سکوں۔ میں نے تھیلی پر باقاعدگی سے سورۃ کوثر کا عمل پڑھنا شروع کر دیا جس میں اللہ تعالیٰ نے اتنی برکت دی کہ میں نے کچھ سالوں میں ہی وہ بلڈنگ خرید لی۔

**(عارف صاحب)**

## اب سی این جی 165 کلومیٹر تک چلتی ہے

پہلے جب میں اپنی گاڑی میں سی این جی ڈلواتا تھا وہ صرف 120 کلومیٹر چلتی تھی۔ جب سے میں نے سورۃ کوثر والا عمل کر کے سی این جی ڈلوانا شروع کی ہے اس کی برکت سے الحمدللہ! اب گاڑی 160,165 کلومیٹر تک چلتی ہے۔ میرے ایک

Qureshi Rohani.world

دوست ساتھ آئے ہوئے ہیں وہ بھی اول آخر 7 مرتبہ درود شریف 11 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھ کر دم کرتے ہیں تو برکت ہی برکت ہو جاتی ہے۔ (**شیخ ندیم صاحب**)

## برکت والی تھیلی سے قرضہ اتر گیا

پچھلی نوچندی والی جمعرات کو میں برکت والی تھیلی لے کر گیا اور اس میں پیسے رکھنے شروع کر دیئے۔ اللہ پاک نے اس میں بھی برکت دیدی اور میرا کاروبار اچھا ہونا شروع ہو گیا۔ جو پہلے قرضہ تھا اس میں سے بھی میں نے تیس پینتیس ہزار روپے قرضہ اتار دیا ہے۔ (**محمد اکرم صاحب، گوجرانوالہ**)

## سورۃ کوثر اور تھیلی سے برکتوں کے ڈھیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

السلام علیکم! میری والدہ عبقری رسالہ پڑھ رہی تھیں اس میں رمضان تسبیح خانے میں گزارنے کا لکھا ہوا تھا۔ میری والدہ نے مجھے یہاں حضرت صاحب کے پاس رمضان گزارنے کیلئے بھیجا تھا۔ حضرت صاحب نے رمضان کے آخری عشرے میں ایک بہت ہی اچھا سورۃ کوثر کا تحفہ عنایت فرمایا۔ اس سے پہلے میرے حالات بہت تنگ تھے لیکن اب مطمئن ہوں کیونکہ سورۃ کوثر کی تسبیح سے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے۔ میں اپنے حالات کے متعلق بتا نہیں سکتا کہ میں بیروزگار تھا اور میں جو کاروبار کرنا چاہتا تھا اس کیلئے میرے پاس پیسے نہیں آرہے تھے۔ میں نے حضرت صاحب دامت برکاتہم کا آخری عشرے والا بیان سنا جس میں دو رکعت نوافل اور سورۃ کوثر والا عمل بتایا تھا۔ میں نے دو رکعت نماز نفل پڑھے اور اس کے بعد سورۃ کوثر کی تسبیح پڑھنی شروع کر دی۔ یہاں تک کہ میں برکت والی تھیلی بھی نہیں لے سکا کیونکہ پیسے نہیں تھے۔ اس عمل کی برکت سے ایسی برکتیں ملیں کہ اب میں اس قابل ہوں کہ اپنا کوئی کام شروع کر سکتا ہوں۔ میری والدہ بھی حضرت صاحب کیلئے بہت دعائیں کرتی ہیں۔

(**قاسم صاحب**)

Qureshi Rohani.world

## بجلی کے بل سے 150 یونٹ کم ہو گئے

میں بجلی کے بل کیلئے سورۃ کوثر پڑھتا رہتا ہوں۔ ایک بار بجلی کا بل زیادہ آ گیا۔ میں نے دل ہی دل میں اللہ سے دعا کی کہ یا اللہ! مجھے یا تو مال غیب سے دے، یا کوئی بات سمجھا دے کیونکہ میں نے سورۃ کوثر بھی پڑھی ہے اور بل بھی زیادہ آ گیا ہے۔ جب میں نے بجلی کا میٹر چیک کیا تو یونٹ بہت زیادہ ڈالے ہوئے تھے۔ میں واپڈا دفتر گیا اور جا کر کہا کہ آپ میرا بجلی کا میٹر جا کر چیک کر لیں پورے 150 یونٹ زیادہ ڈالے گئے ہیں۔ انہوں نے فوراً بل ٹھیک کر دیا اور میرے پورے بل سے میری ضرورت کے مطابق پیسے کم ہو گئے۔ یہ سب سورۃ کوثر کی برکت ہے۔ (س۔م)

## ایک سال سے ناراض میاں بیوی میں صلح

میرا نام محمد بلال ہے اور لاہور کا رہائشی ہوں۔ میری موبائل فون کی شاپ ہے۔ ایک دن ایک لڑکی فون کرنے آئی اور اپنے شوہر سے رو رو کر باتیں کر کے چلی گئی۔ دوسرے دن بھی آئی تو جھگڑ کر فون کر کے چلی گئی اور پھر تیسرے دن بھی ایسے ہی ہوا۔ میں نے کہا کیوں لڑ رہے ہو؟ اس نے کہا میری نئی نئی شادی ہوئی ہے ایک سال ہو گیا ہے میں اپنے والدین کے گھر رہ رہی ہوں۔ صرف ایک مہینہ اپنے شوہر کے ساتھ رہی ہوں وہ یہاں چھوڑ کر گیا ہے اور پھر لینے نہیں آیا۔ میرے گھر والے کہتے ہیں کہ وہ لینے آئے گا تو تب بھیجیں گے ہم نے تمہیں ایسے نہیں جانے دینا۔ میں نے اسے سورۃ کوثر کا ورد بتایا اور ساتھ ایک تسبیح دی اور کہا کہ آپ اسے کثرت سے پڑھیں ان شاء اللہ سارا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ وہ تین چار دن بعد آئی اور کہنے لگی کہ ابھی کوئی مسئلہ حل نہیں ہوا۔ میں نے کہا آپ سورۃ کوثر پڑھتے رہیں ان شاء اللہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ تین چار دن بعد آئی اور پھر بہت ہنس ہنس کر باتیں کر رہی تھی۔ میں نے کہا باجی خیر تو ہے؟ اس نے کہا ہماری صلح ہو گئی ہے اور میرا خاوند مجھے آ کر گھر لے گیا ہے۔ یہ سب سورۃ کوثر کی برکت ہے۔

(محمد بلال صاحب، لاہور)

Qureshi Rohani.world

## سورۃ کوثر سے انکریمنٹ لگ گئی

میں سیمی گورنمنٹ میں ملازمت کررہا ہوں۔ اسی سال جون میں گورنمنٹ کے ملازمین کی تنخواہیں بڑھی تھیں۔ حالات کے مطابق میری تنخواہ بھی بڑھ گئی۔ آج صبح کی بات ہے کہ میرے دوست نے مجھے بتایا کہ فکسیشن صحیح نہیں ہوئی۔ اس سلسلے میں ہم دونوں نے اپنا ریکارڈ چیک کروانا تھا۔ میرا دھیان فوراً سورۃ کوثر کی طرف گیا۔ میں نے سورۃ کوثر پڑھنا شروع کردی کہ ان شاء اللہ اس کی برکت سے میری تنخواہ میں بھی اضافہ ہوگا۔ جب میں نے چیک کروایا تو میری انکریمنٹ میں اضافہ ہوا تھا جبکہ جو دوست میرے ساتھ اپنا ریکارڈ چیک کروا رہا تھا اس کی تنخواہ میں اضافہ نہیں ہوا تھا۔

**(حماد صاحب)**

## سورۃ کوثر نے قرض سے جان چھڑوادی

حضرت جی! میں پٹرولیم پولیس میں ملازمت کرتا ہوں۔ پہلے ہر ماہ میں دو تین ہزار کا مقروض ہوجاتا تھا۔ میں نے روزانہ ایک وقت میں 129 مرتبہ سورۃ کوثر مع اول آخر 7 بار درود شریف والا عمل کیا ابھی دو مرتبہ ہی پڑھا تھا کہ الحمدللہ اسکی برکت سے میری قرض لینے سے بچت ہوگئی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس عمل کی بدولت بہت برکتیں عطا فرمائی ہیں۔

**(خالد فاروقی صاحب)**

## خالی تھیلی سے بھی دو ہزار نکل آئے

حضرت صاحب دامت برکاتہم کے حج پر جانے سے پہلے میں نے برکت والی تھیلی کا ایک واقعہ سنا تھا۔ میں نے اپنی اہلیہ سے کہا کہ تھیلی واقعی بچے دیتی ہے۔ اس کے بعد جب میں یہاں سے گھر پہنچا تو جا کر تھیلی کو کھولا تو اس میں سے مجھے دو ہزار روپے ملے۔ جبکہ یہاں آنے سے پہلے میں تھیلی سے سارے پیسے لے کر آیا تھا اور تھیلی کو بالکل خالی کردیا تھا۔ دوسرا یہ کہ ایک دفعہ حضرت دامت برکاتہم نے مجھے کندھوں سے پکڑ کر فرمایا تھا کہ جاؤ اللہ تمہیں برکت دے گا۔ اس دن کے بعد میرا اتنا

Qureshi Rohani.world

یقین پختہ ہو چکا ہے کہ میں کسی حادثے یا نقصان سے نہیں ڈرتا اور میں کہتا ہوں کہ چاہے مجھے جنگلوں میں چھوڑ آؤ مجھے کچھ نقصان نہیں ہوگا اور برکت مل کر رہے گی۔

**(کامران شہزاد صاحب، مانسہرہ)**

## امریکہ میں برکت والی تھیلی کی برکات

میں امریکی ریاست پنسلوانیا میں رہتا ہوں۔ وہاں میرا ایک چھوٹا سا سٹور ہے ہم زیادہ اعمال تو نہیں کرتے لیکن آپ دامت برکاتہم نے جو برکت والی تھیلی کا عمل بتایا تھا وہ ہم سب گھر والوں نے تھیلیاں بنا کر اپنے پاس رکھی ہوئی ہیں اور ان پر صبح وشام 129 بار سورۃ کوثر مع اول آخر 11 مرتبہ درود شریف کا دم کرتے ہیں۔ ایک دن ایسا ہوا کہ میں بینک میں پیسے جمع کروانے جا رہا تھا اور پیسے تھیلی میں ڈال کر جیب میں رکھے ہوئے تھے۔ راستے میں ایک سٹور آیا میں نے وہاں سے تھوڑی سی شاپنگ کی اور آگے بینک چلا گیا۔ بینک وہاں سے آدھے گھنٹے کی مسافت پر تھا۔ میں سٹور سے نکل کر راستے میں کہیں نہیں رکا سیدھا بینک گیا۔ وہاں جا کر وو چر بھر کر جب پیسے نکالنے کیلئے جیب میں ہاتھ ڈالا تو تھیلی نہیں تھی۔ میں بہت پریشان ہوا بے شک وہ روپے اتنے زیادہ نہیں تھے لیکن اس وقت میرے لئے ان کی بہت بہت قدر تھی۔ میں واپس اس سٹور پر آیا جہاں سے شاپنگ کی تھی۔ وہاں باہر ہی منیجر کھڑی تھی میں نے اس سے اپنا مدعا بیان کیا کہ میری اس رنگ کی ایک تھیلی کہیں گم ہو گئی ہے؟ وہ مجھے ساتھ لیکر اپنے آفس گئی اور بتایا کہ ہمارے ایک کسٹمر کو یہ تھیلی باہر سڑک پر اس جگہ پڑی ہوئی ملی جہاں آپ نے گاڑی پارک کی تھی اور اس نے آکر ہمیں دے دی۔ میں نے اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا کہ انہوں نے میرے اتنے ڈالر واپس دے دیئے ہیں جو ناممکن بات ہے۔ یقین نہیں آ سکتا تھا اور اس واقعہ سے یقین آ گیا ہے کہ یقیناً برکت والی تھیلی سے پیسوں کی حفاظت اور ان میں برکت بھی ہوتی ہے۔

**(سید مستنصر باللہ صاحب، امریکہ)**

Qureshi Rohani.world

## 50 کے 2 سو روپے نکل آتے ہیں

جب میں نے شروع شروع میں برکت والی تھیلی اپنے پاس رکھی تو دوست احباب نے مذاق اڑایا کہ

''ایہہ کیہہ توں مائیاں والی تھیلی کول رکھ لئی اے''

تو میں نے ان سے کہا کہ یہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سنت ہے اور بتایا کہ میرے پاس ''انٹرنیشنل کمپنی سائن مائیکل'' کا پرس بھی ہے لیکن اس تھیلی میں جو برکت ہے وہ اس پرس میں نہیں ہے۔ لوگوں کی باتوں کے ردعمل میں مَیں نے تھیلی ڈبل کر لی تاکہ باہر والی تھیلی میلی ہو اور دوسری بچی رہے۔ اس کا مجھے فائدہ یہ ہوا کہ جب میں کوئی چیز لینے جاتا ہوں (اللہ کو حاضر ناظر جان کے کہہ رہا ہوں کہ) اکثر اوقات جب میں کسی دکان دار کو پچاس روپے دیتا ہوں کہ فلاں چیز دے دو۔ وہ مجھے ڈیڑھ سو روپیہ واپس دے دیتا ہے کہ آپ نے تو مجھے دو سو روپے دیے ہیں اور میں خود پریشان ہو جاتا ہوں کہ میں نے تو پچاس روپے دیے تھے۔ اس نے بہت اصرار کیا کہ آپ نے خود مجھے دو سو روپے پکڑائے ہیں۔ اس کے علاوہ اس عید پر کچھ زیادہ اخراجات ہو گئے تھے۔ میں نے دکان کا کرایہ دینا تھا میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تو الحمدللہ برکت والی تھیلی میں سے ہی آٹھ ہزار روپے نکل آئے۔ میں اکثر لوگوں کو کہا کرتا ہوں کہ اگر آپ مجھ پر تنقید کریں گے تو میں ڈبل تھیلی پر بھی ایک اور تھیلی چڑھا لوں گا۔ (م۔ن)

## تنخواہ نہ ملنے پر بھی عید کی ضروریات پوری ہو گئیں

السلام علیکم! سورۃ کوثر کی برکت سے اس طرح ہوا کہ ایک سال پہلے ہم نے مکان شفٹ کیا اور قرآن پاک اور کچھ دینی کتابیں ایک تھیلے میں ڈالی تھیں وہ ایک جگہ پڑی رہیں۔ اس دفعہ پھر مکان شفٹ کیا اور وہ تھیلا جس میں کتابیں تھیں وہاں سے اٹھا کر لایا۔ میں سرکاری ملازم ہوں اور اس عید پر تنخواہ نہ ملی۔ جب میں تھیلا کھول کر اس میں

Qureshi Rohani.world

سے قرآن پاک نکال رہا تھا تو میں نے دیکھا کہ ایک چھوٹے سے لفافے میں مجھے پانچ ہزار روپے کے نوٹ نظر آئے اور جب نکال کر دیکھے تو وہ پورے چالیس ہزار تھے۔ میں روزانہ 129 مرتبہ سورۃ کوثر صبح وشام پڑھتا ہوں مع اول وآخر 11 بار درود شریف تو اس کی برکت سے اللہ پاک نے میری عید کی ضروریات پوری کردیں۔

(زاہد اسلام صاحب)

## تھیلی سر پر رکھنے سے خون بہنا بند

السلام علیکم! حضرت جی! عید کے دن میں اپنی پھوپھی صاحبہ کے گھر جا رہا تھا تو راستے میں اچانک ایک درخت کی بڑی سی ٹہنی سر پر لگی اور میرا سر پھٹ گیا جس سے بہت خون نکل رہا تھا اور تکلیف بھی بہت زیادہ ہونا شروع ہوگئی تھی۔ ہمارے پاس اور تو کوئی کپڑا نہیں تھا۔ میرے والد صاحب نے برکت والی تھیلی سے پیسے نکال کرا سے خالی کیا اور تھیلی میرے سر پر رکھ دی۔ تھیلی بھی خون سے بھرگئی لیکن فوراً میرا خون رک گیا اور تھیلی کی برکت سے میری درد بھی ختم ہوگئی۔ (علی حسنین صاحب)

## بہن کے سسرالیوں نے ڈیمانڈ ختم کردی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

میرے دوست کی بہن کی شادی تھی تو وہ کافی پریشان تھے میں نے انہیں سورۃ کوثر کا کثرت سے ورد کرنے کو کہا۔ چند دن بعد اس نے مجھے آکر بتایا کہ اس سے ہمیں بہت زیادہ فائدہ ہوا ہے۔ ایک تو ان کے مالی حالات بہتر ہوگئے ہیں، ان کی کمیٹی بھی نکل آئی اور دوسرا جو بہن کے سسرال والوں کی ڈیمانڈ تھی وہ بھی انہوں نے ختم کردی۔

(م۔ش)

## سورۃ کوثر والے عمل سے مسائل کا حل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میں نے احمد پور شرقیہ میں حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ کا بیان سنا تھا۔ جس

Qureshi Rohani.world

میں آپ دامت برکاتہم نے 129 بار سورۃ کوثر پڑھنے والا عمل بتایا تھا۔ میں جہانیاں میں ایک اکیڈمی میں پڑھاتا ہوں جہاں میرے پاس بہت سے طلباء اور طالبات پڑھتے ہیں۔ میں نے انہیں بتایا کہ آپ کو کوئی بھی مسئلہ ہو تو اول آخر 11 مرتبہ درود شریف 129 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھیں تو آپ کا وہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ چند ماہ بعد ان میں سے کچھ نے مجھے بتایا کہ سر واقعی یہ عمل بہت ہی لاجواب ہے۔ اس سے ہمارے بہت سے مسئلے حل ہو گئے ہیں۔ **(محمد ابراہیم صاحب، جہانیاں)**

## برے کاموں سے رک گئے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت جی! میری آپ سے 29 جنوری کو ملاقات ہوئی تھی میں اس وقت بہت پریشان تھا اور بہت سے مسائل تھے۔ آپ نے ملاقات کے دوران سورۃ کوثر کا عمل بتایا تھا جو میں نے باقاعدگی سے نہیں کیا تھا۔ جب سے میں نے اس عمل کو باقاعدگی سے پڑھنا شروع کیا ہے اس کی برکت سے الحمدللہ! میں باجماعت نماز پڑھنا شروع ہو گیا ہوں اور داڑھی رکھنے کی بھی نیت کر لی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ میرے مسائل بھی حل ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ جب سے میں نے یہ عمل کرنا شروع کیا ہے الحمدللہ! اس کی فضیلت سے میرے بہت سے برے کام رکے ہوئے ہیں جو میں پہلے کرتا رہتا تھا۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ وہ مجھے اسی راہ پر قائم دائم رکھے۔ آمین!

**(ارشد حسین صاحب)**

## قرض سے نجات اور مہروں کا درد ختم

میرے ایک دوست کے چھوٹے بھائی لیدر بیلٹ کا کاروبار کرتے ہیں۔ ان کو کاروبار میں بہت بڑا نقصان ہو گیا جس کی وجہ سے وہ جگہ جگہ پر لوگوں کے مقروض ہو گئے تھے۔ ان کی اہلیہ کو مہروں کی تکلیف بھی تھی جنہیں ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دے دیا تھا۔ میں نے انہیں سورۃ کوثر پڑھنے کیلئے دیتے ہوئے کہا کہ آپ اسے کھلی

Qureshi Rohani.world

تعداد میں پڑھیں ان شاء اللہ آپ کے مسائل حل ہو جائیں گے۔ انہوں نے پڑھنا شروع کیا تو انہیں نوکری کیلئے قصور سے ایک کال آ گئی۔ انہوں نے کہا کہ میں نے یہاں پر بہت سے لوگوں کے پیسے دینے ہیں اور جس کیلئے میں نے انہیں چیک دیئے ہوئے ہیں وہ مجھے تنگ کریں گے لہٰذا میں آپ کے پاس کام نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ آپ اس کی فکر نہ ہم خود سارا معاملہ دیکھ لیں گے بس آپ یہاں آ جائیں۔ جب وہاں پر گئے تو وہ ان کو ساتھ لیکر جن جن کے پیسے دینے تھے ان کے پاس چلے گئے کہ یہ بندہ ہمارے پاس کام کر رہا ہے آپ پیسوں کی فکر نہ کریں ان شاء اللہ ایک دو ماہ میں آپ کے پیسے مل جائیں گے بس آپ انہیں تنگ نہ کرنا۔ وہ بتانے لگے کہ میں مسلسل سورۃ کوثر پڑھتا رہا جس کی برکت سے الحمدللہ! میری اہلیہ کے مہروں کا مسئلہ بھی حل ہو گیا جسے ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دے دیا اور اچھی اجرت پر ملازمت بھی مل گئی۔

(شہزاد صاحب)

## عمل کی برکت سے 2 دن بعد پانی کی ٹینکی بھر گئی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

السلام علیکم! پچھلے دنوں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے پانی کا بہت مسئلہ تھا۔ مغرب کی نماز کے بعد گھر پہنچا تو اہلیہ نے کہا کہ دو دن سے گھر میں پانی نہیں آ رہا اور اب آخری بالٹی بچی ہے۔ میں نے کہا کہ بچوں کو لے کر آؤ اور ساتھ خود بھی بیٹھ کر سورۃ کوثر والا عمل پڑھنا شروع کر دیا۔ اس کے پڑھنے کے 20 منٹ بعد بجلی آئی تو ہماری موٹر چلنے سے پانی کی ٹینکی صرف 1 گھنٹے میں بھر گئی۔ محلے دار ہمارے گھر آ کر کہنے لگے کہ آپ کی موٹر چھوٹی ہے لیکن آپ کی ٹینکی بھر کر پانی باہر گر رہا ہے حالانکہ ہماری موٹریں بھی بڑی ہیں لیکن ہمارا پانی نہیں آ رہا۔ کیا وجہ ہے؟ ہم نے انہیں بتایا کہ ہم نے سورۃ کوثر والا عمل کیا ہے جس کی برکت سے الحمدللہ! ہمارا پانی آ گیا ہے اور ساتھ معذرت کی کہ ہم نے نیت چھوٹی کی تھی اگر

Qureshi Rohani.world

بڑی کی نیت کرتے تو ساتھ آپ کا بھی پانی آجاتا۔ ان شاءاللہ آگے سے احتیاط کریں گے۔ (جہانگیر صاحب)

## بیٹی کی شادی کیلئے پیسوں کا انتظام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میں حضرت صاحب سے چار سال سے بیعت ہوں۔ حضرت صاحب نے مجھے سورۃ کوثر کا عمل دیا تھا اس کی برکت سے میرے تمام کام بآسانی سے ہو رہے ہیں۔ میری بیٹی کی شادی تھی مجھے معلوم نہیں تھا کہ میرے پاس پیسے کہاں سے آئے ہیں اور ہم نے بہت اچھے طریقے سے سارے انتظامات کر لئے تھے۔ (م۔ح، لاہور)

## 300 افراد کا کھانا 500 مہمانوں نے خوب سیر ہو کر کھایا

السلام علیکم! میرا نام حمید اور راوی روڈ لاہور سے تعلق ہے۔ پچھلے ہفتہ کا واقعہ ہے کہ میرے ماموں کے بیٹے اور بیٹی کی شادی تھی اور تقریباً 300 سے زائد مہمانوں کا بندوبست تھا۔ ایک کی بارات اور دوسرے کا ولیمہ تھا لیکن جب بارات آئی تو 500 سے زائد مہمان اکٹھے ہو گئے۔ اتنے زیادہ مہمانوں کو دیکھ کر ہم سب گھر والے بہت پریشان تھے کہ اب کھانا کیسے پورا ہو گا؟ میں نے اپنے کزن اور سب کو کہا کہ سورۃ کوثر پڑھنی شروع کر دو۔ جب مہمانوں نے کھانا شروع کیا تو الحمدللہ! سورۃ کوثر کی برکت سے 500 سے زائد لوگوں نے کھانا کھایا اور بچ بھی گیا۔ اللہ پاک نے سورۃ کوثر کی برکت سے ہماری عزت بھی رکھ لی اور سب نے خوب سیر ہو کر کھانا بھی کھا لیا۔

(حمید صاحب، راوی روڈ لاہور)

## لوڈشیڈنگ میں بھی گیس صحیح آنا شروع ہو گئی

السلام علیکم! آج کل گھروں میں گیس کی بہت زیادہ لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے۔ ہمارے گھر میں بھی گیس نہیں آرہی تھی۔ چند دن ہوئے ہیں میری اہلیہ نے سورۃ کوثر 129 بار مع اول آخر تین بار درود شریف پڑھ کر گیس کے میٹر پر پھونک ماردی۔

Qureshi Rohani.world

الحمدللہ! اس دن سے ہماری گیس صحیح آ رہی ہے۔ (محمد راشد فہیم صاحب، لاہور)

## نانا بیٹیوں کو وراثت سے حصہ دینے کیلئے رضامند

میرے نانا ابو کی زمین ہے لیکن وہ کہا کرتے تھے کہ میں نے اس میں سے صرف اپنے بیٹوں کو حصہ دینا ہے بیٹیوں کو نہیں دینا۔ میری والدہ اس نیت سے مسلسل سورۃ کوثر پڑھ کر نانا ابو کو ہدیہ کرتی رہیں۔ اب یہ عالم ہے کہ نانا ابو کہتے ہیں کہ میں نے صرف اپنی بیٹیوں کو حصہ دینا ہے بیٹوں کو نہیں دینا۔ سورۃ کوثر کے ہدیہ سے وہ بیٹیوں کو حصہ دینے پر رضامند ہو گئے ہیں۔ (محمد عمر صاحب، لاہور)

## تھیلی سے عید کے روز 45 ہزار نکل آئے

السلام علیکم! میرا نام محمد عادل ہے میں لاہور میں رہتا ہوں۔ حضرت جی! میں نے رمضان میں برکت والی تھیلی کا عمل شروع کیا تھا۔ میری ماہانہ تنخواہ 23 ہزار روپے ہے جو ایک ماہ میں ہی ختم ہو جاتی تھی۔ اس بار میں پریشان تھا کہ عید پر بھی قریب ہے اور پیسے بھی ختم ہونے والے ہیں عید کی ضروریات کیسے پوری کروں گا۔ میں نے روزانہ برکت والی تھیلی پر سورۃ کوثر کا مسلسل عمل پڑھنا شروع کر دیا جس کی برکت سے الحمدللہ! اللہ پاک نے غیب کے خزانوں سے ایسی مدد کی ہے کہ عید کے روز میرے پاس 45 ہزار روپے موجود تھے جن سے میں نے اپنی تمام ضروریات پوری کر لیں۔
(محمد عادل صاحب، لاہور)

## ضروری کام فون پر ہو گیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! آج کی بات ہے میرے والد صاحب کسی کی وجہ سے کچھ پریشان تھے اور مجھے کہہ رہے تھے بیٹا یہ کام کرنا ہے۔ میں نے کہا کہ ابو جی مجھے حکیم صاحب دامت برکاتہم کے پاس جانا ہے آپ بس دعا کریں کہ وہ کام فون پر ہی ہو جائے۔ میں نے یہ کہہ کر سورۃ کوثر والا عمل کیا اور اللہ سے دعا کہ یا اللہ! کوئی

Qureshi Rohani.world

سبب بنادے اور وہ کام ہو جائے۔ اللہ کا شکر ہے کہ وہ کام فون پر ہو گیا حالانکہ وہ کام فون پر ہونے والا نہیں تھا۔ (سہیل افضل صاحب، لاہور)

## خون کے دھبے گرنا ختم

السلام علیکم! میں کراچی سے آیا ہوں پہلے میں 2010ء میں آپ کے پاس آیا تھا۔ میں جب رات کو سوتا تھا تو میرے کپڑوں پر خون کے دھبے لگے ہوتے تھے۔ میں نے وہاں کراچی میں بہت جگہوں سے علاج کروایا لیکن افاقہ نہ ہوا۔ پھر جب میں آپ کے پاس آیا لیکن میری آپ سے ملاقات نہ ہو سکی۔ وہاں پر موجود تسبیح خانے کے ایک ساتھی نے سورۃ کوثر کا عمل بتایا جو میں کرنا شروع کر دیا۔ الحمدللہ اس عمل کی برکت سے میں بالکل ٹھیک ہو گیا ہوں، میری طبیعت بہتر رہتی ہے اور اب خون کے دھبے نہیں گرتے۔

(ف۔ن، کراچی)

## سورۃ کوثر کی برکت سے مشکلات سے نجات

السلام علیکم! میرا نام نعمان ہے۔ مجھے حضرت جی نے بتایا تھا کہ آپ تمام گھر والوں کیلئے بہت آسان عمل ہے کہ بسم اللہ کے ساتھ 129 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھتے رہیں۔ جب بھی ہمیں مشکل یا پریشانی آتی ہے تو ہم سورۃ کوثر کا عمل پڑھنا شروع کر دیتے ہیں۔ الحمدللہ! اسکی برکت سے ہماری بہت سی پریشانیاں حل ہو جاتی ہیں اور اگر کوئی پریشانی آنے بھی لگے تو اس عمل کی برکت سے وہ پریشانی، پریشانی نہیں رہتی اور حل ہو جاتی ہے۔ (محمد نعمان صاحب)

## امتحان میں فرسٹ پوزیشن

السلام علیکم! میرا نام عبدالرافع اور میری عمر 11 سال ہے۔ چند دن پہلے میرا پیپر تھا جس کیلئے میری تیاری نہیں تھی۔ میں اللہ پاک سے دعا کرتا رہا اور پیپر دینے چلا گیا۔ جب میں پیپر لکھنا شروع کرتا تو مسلسل سورۃ کوثر پڑھنا شروع کر دیتا اور واپس آنے کے بعد بھی پڑھتا رہتا۔ الحمدللہ! اس کی برکت سے میرے پیپر بہت اچھے ہوئے ہیں

Qureshi Rohani.world

اور میرے ٹیچر نے کہا کہ تم فرسٹ آئے ہو۔ (عبدالرافع صاحب، لاہور)

## دکان پر رکھی تھیلی ہر وقت ہری بھری

السلام علیکم! میں نے ایک برکت والی تھیلی اپنی دکان پر رکھی ہوئی ہے جس پر صبح و شام سورۃ کوثر 129 بار مع اول و آخر تین بار درود شریف پڑھنے کے ساتھ ساتھ جب بھی سارا دن اس میں پیسے ڈالتا یا نکالتا ہوں تو ایک بار سورۃ کوثر مع تسمیہ پڑھ لیتا ہوں۔ اس سے کاروبار میں بہت زیادہ برکت ہوتی ہے اور میری تھیلی ہر وقت بھری رہتی ہے۔

(محمد عثمان صاحب، لاہور)

## کویت میں پرانے کی قیمت پر نیا ٹائر مل گیا

ایک صاحب نے بتایا کہ میرے چھوٹے بھائی کویت میں ہوتے ہیں۔ انہوں نے حضرت جی دامت برکاتہم کا سورۃ کوثر کے کمالات والا درس سنا تھا اور تب سے سورۃ کوثر پڑھنی شروع کی ہوئی ہے۔ وہ بتانے لگے کہ میری گاڑی کا ایک ٹائر بالکل خراب ہو گیا تھا اور نیا لینے کیلئے میرے پاس پیسے نہیں تھے۔ لیکن جیب میں اتنے پیسے موجود تھے جن سے ایک سیکنڈ ہینڈ ٹائر خریدا جا سکتا تھا۔ کہنے لگے کہ میں نے ایک دکاندار سے جا کر کہا کہ مجھے سیکنڈ ہینڈ ٹائر دے دو؟ وہ کہنے لگا کہ میرے پاس نہیں ہے۔ کہنے لگے کہ مجھے سورۃ کوثر یاد آئی تو میں نے اس نیت سے پڑھنی شروع کر دی اور جونہی دکان سے باہر نکلنے لگا تو پیچھے سے دکاندار نے آواز دی جناب ذرا رکیں! اس کے ساتھ ہی وہ اندر سے ایک بہت اچھی حالت میں ٹائر نکال کر لے آیا اور کہنے لگا یہ ایک پڑا ہوا تھا مجھے یاد نہیں رہا۔ سورۃ کوثر کی برکت سے مناسب قیمت میں بہت اچھا ٹائر مل گیا۔

(عباس صاحب)

## CNG کی سرخ لائٹ پر 75 کلومیٹر کا سفر

جب سردیاں شروع ہوئیں تو T.H.Q حضرو میں میری ڈیوٹی تھی میں وہاں سے آ رہا تھا کہ راستے میں دھند بہت زیادہ ہو گئی۔ میری گاڑی میں CNG ختم ہو گئی اور پٹرول

Qureshi Rohani.world

بھی نہیں تھا۔ میں نے صرف 11 بار سورۃ کوثر پڑھ کر گاڑی کی ٹینکی پر پھونک ماردی اور اس کی برکت سے میرا دوسرا دن بھی گزر گیا۔ اس دوران CNG کی سرخ لائٹ جلتی رہی اور میں تقریباً 75 کلومیٹر سفر کرتا رہا۔ شام کو میں نے CNG فل کروائی۔ الحمدللہ! سورۃ کوثر کی برکت اور حضرت صاحب دامت برکاتہم کی دعائیں ہیں کہ انہوں نے ہمیں اعمال پر لگا دیا ہے۔ ان سے ہمارا دنیا میں بھی بھلا ہو رہا ہے اور آخرت بھی سنور رہی ہے۔ ان شاءاللہ یقین ہے کہ آخرت میں بھی ضرور بھلا ہوگا۔ جزاک اللہ!

**(ڈاکٹر اشتیاق حسین صاحب، اٹک)**

## افریقہ میں بغیر پٹرول گاڑی چلتی رہی

السلام علیکم! میرا نام محمد علی ہے میں بوسانی ساؤتھ افریقہ سے پہلی بار یہاں درس میں شرکت کیلئے آیا ہوں۔ اس سے قبل میں اس جگہ اور آپکے بارے میں نہیں جانتا تھا۔ ہم وہاں انٹرنیٹ پر لائیو درس سنتے ہیں۔ ہم نے عبقری رسالے میں سورۃ کوثر کے فضائل کے بارے میں پڑھا تھا۔ ایک بار میں اپنی اہلیہ کے ہمراہ اپنے شہر سے 450 کلومیٹر دور جوہانسبرگ جا رہے تھے۔ جانے سے پہلے ہم نے اپنی گاڑی میں پٹرول فیلنگ گیج کے مطابق بھروالیا تھا۔ جب ہم وہاں سے واپس آنے لگے تو میں نے سوچا کہ راستے سے پٹرول بھروالیں گے اور ہم ہائی وے پر آ گئے۔ راستے میں ایک پٹرول پمپ پر رکے تو وہاں پٹرول پمپ بند تھا۔ میری اہلیہ کہنے لگی کہ اب کیا ہوگا اب تو دور دور تک کوئی پٹرول بھی نظر نہیں آ رہا کیا کریں گے؟ میں نے کہا تم سورۃ کوثر پڑھنا شروع کردو۔ اگر گاڑی راستے میں رک گئی تو میں وہاں کسی سے لفٹ لے کر پٹرول لے آؤں گا۔ ہم دونوں نے سورۃ کوثر کثرت سے پڑھنا شروع کردی۔ اس وقت پٹرول کی سوئی زیرو لائن پر تھی ہم سورۃ کوثر پڑھتے ہوئے 30 کلومیٹر دور ایک پٹرول پمپ پر پہنچ گئے۔ اس پمپ پر ہمارے آگے 4 گاڑیاں کھڑی تھی جب ہماری باری آئی تو میں نے گاڑی سٹارٹ کی تو وہ سٹارٹ نہ ہوئی اور میں نے دھکا لگا کر اس میں

Qureshi Rohani.world

پٹرول بھروالیا۔ جب ہم پٹرول ڈلوا کر فارغ ہوئے تو میری اہلیہ کہنے لگی کہ یہ سب سورۃ کوثر کی برکت ہے جو ہم نے 30 کلومیٹر کا سفر بغیر پٹرول کے طے کرلیا ہے۔ اس عمل کی برکت سے ہمارے رزق میں بھی بے پناہ اضافہ ہوا ہے۔ میرے بہت سے ساتھیوں نے مجھ سے درخواست کی ہے کہ آپ پاکستان میں عبقری دفتر سے آتے ہوئے ہمارے لئے بھی برکت والی تھیلیاں اور کچھ اعمال لے کر آنا۔

**(محمد علی صاحب، جوہانسبرگ)**

## رزق سمیت ہر قسم کے معاملات میں برکت

السلام علیکم! میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں نے 129 بار صبح وشام سورۃ کوثر کے عمل کے بارے میں سنا تھا کہ یہ پڑھنے سے رزق میں برکت آجاتی ہے۔ میں سب ساتھیوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں نے یہ عمل کیا ہے۔ اسکی برکت سے میں رزق اور گھریلو معاملات میں پرسکون ہوگیا ہوں۔ اس عمل کی بہت برکتیں نظر آرہی ہیں۔

**(حسن رضا صاحب)**

## چور نے گھر کا صفایا کردیا لیکن تھیلیاں بچ گئیں

ایک صاحب نے بتایا کہ اس سوموار کی صبح کو ان کے گھر میں ایک چور گھس آیا اور اس نے میرے، اہلیہ کے بٹوے (پرس) اور بچوں کی جیبوں سے سارے پیسے نکال لئے۔ لیکن ہماری برکت والی تھیلیاں جن میں اصل رقم تھی وہ سامنے میز پر پڑی رہیں جس کو اس چور نے ہاتھ تک نہ لگایا۔ حتیٰ کہ اس نے میرے پرس کے ایک ایک خانے کی تلاشی لی لیکن تھیلیوں کی طرف اس نے دیکھا تک نہیں۔ یوں محسوس ہورہا تھا کہ اسے تھیلیاں نظر ہی نہیں آرہی تھیں۔ **(وہاب صاحب)**

## کاروبار نے سر اٹھانا شروع کردیا

السلام علیکم! ہمارے کاروبار میں اکثر بے برکتی اور نقصان کا ہونا عام تھا۔ جب سے 129 بار صبح وشام سورۃ کوثر والا عمل پڑھنا شروع کیا ہے الحمدللہ! اس کی برکت

Qureshi Rohani.world

سے رزق میں برکتیں ہی برکتیں نظر آرہی ہیں اور کاروبار میں بھی بہتر ہوگیا ہے۔

**(عاطف صاحب)**

## برکت والی تھیلی سے مالدار ہوگیا

السلام علیکم! حضرت جی! پہلے جب میرا آپ دامت برکاتہم کے ساتھ تعارف نہیں تھا اس وقت میرے ایک دوست نے مجھے برکت والی تھیلی کے عمل کے متعلق بتایا تھا۔ وہ میں نے عمل کرنا شروع کردیا اور اب میری 4 تھیلیاں بن گئی ہیں اور ماشاء اللہ، اللہ پاک نے اتنی برکت دی ہے کہ چاروں کی چاروں بھری رہتی ہیں۔ چند دن پہلے میں سورۃ کوثر کا وظیفہ کرتے ہوئے سویا اور آپ دامت برکاتہم کو خواب میں دیکھا کہ میں گاڑی چلا رہا ہوں آپ دامت برکاتہم میرے ساتھ بیٹھے ہوئے ہیں اور گاڑی کے پیچھے میری اہلیہ اور والدہ بھی بیٹھی ہوئی ہیں اور ہم کہیں جارہے ہیں۔ اتنے میں آپ دامت برکاتہم فرماتے ہیں کہ تم نیچے اترو اور پیچھے بیٹھ جاؤ۔ گاڑی میں خود چلاتا ہوں اور میں آپ کو بڑے گھر کی طرف لے کر چلتا ہوں۔ پھر آپ دامت برکاتہم ہمیں ایک بہت بڑے عالی شان گھر کی طرف لے کر چلے جاتے ہیں اس کے بعد میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ **(نوید صاحب)**

## بھانجے کی دکان پر برکت ہی برکت

میرے بھانجے کی ہال روڈ پر دکان ہے میں نے اسے سورۃ کوثر والا عمل پڑھنے کیلئے بتایا ہوا ہے کہ جب بھی وہ تھیلی سے پیسے نکالے اور ڈالے تو سورۃ کوثر پڑھ لیا کرے۔ اس عمل کی برکت سے وہ کہتا ہے کہ میرے کاروبار میں بہت برکت آگئی ہے۔

**(محمد یوسف صاحب)**

## کاروباری بندش چند دن میں ختم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میرا نام عمر ہے۔ بہت عرصے سے درس میں آرہا ہوں اور کبھی ناغہ بھی ہوجاتا ہے۔

Qureshi Rohani.world

معذرت کے ساتھ یہ دو باتیں اس لئے عرض کررہا ہوں کہ حضرت جی کے ساتھ میرا کچھ ذہنی طور پر اختلاف تھا کیونکہ میں جس کام کیلئے آیا تھا وہ کام نہیں ہوسکا اور آج تک بھی ویسے ہی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ جب میں درس میں حاضر ہونے سے رہ جاتا ہوں تو ذہنی طور پر بڑی تکلیف ہوتی ہے اور شرمندگی ہوتی ہے کہ آئندہ چھٹی نہیں کروں گا۔ دو تین مشاہدات ہیں کہ ہمارے قریبی عزیز کے کاروباری حالات بہت اچھے تھے اور ہماری فیملی بھی بہت اچھی تھی ایک دم ایسا ہوا کہ ان کے سارے کاروبار میں رکاوٹ آگئی اور ایسا محسوس ہوتا تھا کہ جیسے ان کا دانہ پانی ختم ہوگیا ہے اور محتاج ہوکر رہ گئے ہیں۔ میری بھابھی مجھے کچھ سمجھتی تھیں کہ میں کچھ علم رکھتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ تم کچھ اس بارے میں بتاؤ؟ میں نے کہا حضرت جی نے ایک چھوٹا سا عمل بتایا ہوا ہے وہ آپ کرلیں۔ پہلے وہ کبھی نماز پڑھ لیتی تھی کبھی نہیں پڑھتی تھیں۔ میں نے حضرت جی دامت برکاتہم کا بتایا ہوا 129 بار سورۃ کوثر والا عمل بتادیا کہ آپ یہ صبح و شام پڑھیں ان شاء اللہ آپ کے تمام کام سنور جائیں گے۔ کچھ دنوں بعد انہوں نے مجھے خود بتایا کہ ہمارے حالات بہت بہتر ہوگئے ہیں اور کاروباری بندش بھی ختم ہوگئی ہے۔ سورۃ کوثر کا عمل واقعی ہی بہت پرتاثیر ہے۔ **(محمد عمر صاحب، لاہور)**

## دعاؤں میں قبولیت اور برکت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! اذان اور اقامت کے درمیان جو بھی دعا مانگی جائے قبول ہوتی ہے اور سورۃ کوثر 129 مرتبہ پڑھنے سے ہر کام میں برکت ہی برکت ہوتی ہے۔ بے شک کوئی موٹر سائیکل ہو یا اس کا پٹرول اس میں برکت ہی برکت ہوجاتی ہے میرا بہت بار کا مشاہدہ ہے کہ میں جب بھی پٹرول ڈلواتا ہوں سورۃ پڑھ کر ٹینکی پر دم کردیتا ہوں جس کی برکت سے الحمدللہ! میرا ایک دن کا پٹرول کئی دن نکال جاتا ہے۔

**(ا۔ر)**

Qureshi Rohani.world

## 21دن سے نہ رکا ہوا کام 2دن میں ہو گیا

السلام علیکم! روڈ کی تعمیر کے دوران ہمارا گھر اس کی کٹنگ میں آ گیا تھا میں نے اسے بچانے کیلئے بہت تگ و دو کی اور تقریباً 3 ہفتے گزر گئے تھے میرا کام نہیں ہو رہا تھا۔ میں نے عصر کی نماز سے پہلے بیٹھ کر 129 بار سورۃ کوثر کا عمل پڑھا اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ یا اللہ! میرا یہ کام ہو جائے تو۔ جو کام تین ہفتوں سے نہیں ہو رہا تھا وہ صرف دو دن میں ہو گیا۔

## پٹرول ڈلوانے سے پہلے ٹینکی بھری ہوتی ہے

میں جب بھی سورۃ کوثر کا عمل کرتا ہوئے دل میں جو سوچتا ہوں وہ فوراً مل جاتا ہے۔ یہاں تک کہ میرے کھانے پینے کی خواہشات بھی پوری ہو جاتی ہیں کہ اگر میں سوچوں کہ میں گھر جا کر یہ چیز کھانا چاہوں تو جب گھر پہنچتا ہوں تو وہی چیز پکی ہوتی ہے۔ موٹر سائیکل میں پٹرول ڈلواتے وقت بھی سورۃ کوثر والے عمل کا پڑھنے کا اہتمام کرتا ہوں۔ جب مجھے معلوم ہوتا ہے کہ اب پٹرول ڈلوانے کا وقت ہو گیا ہے اور جب پٹرول پمپ پر کھڑے ہو کر پٹرول ڈلوانا چاہتا ہوں تو اس میں پہلے ہی وافر مقدار میں پٹرول موجود ہوتا ہے اور میں اسی پٹرول سے مزید تین چار دن گزار لیتا ہوں۔

(عرفان حیدر صاحب)

## 25سو کے بجائے 15سو میں لمبا سفر

السلام علیکم! میرا ایک دوست ملتان میں رہتا ہے وہ اکثر اپنی گاڑی پر سفر کرتا ہے۔ ایک دفعہ میں نے انہیں بتایا تھا کہ آپ جب بھی گاڑی میں پٹرول یا CNG ڈلوائیں تو اس پر 7 بار سورۃ کوثر مع اول آخر ایک بار درود شریف پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ پچھلے ہفتے میں ملتان گیا تو وہ بتانے لگے کہ ایک دن میں گاڑی پر ملتان سے باہر گیا تو میرے آنے جانے پر پچیس سو روپے کا پٹرول خرچ ہوا۔ دوسرے دن میں نے کہیں اور جانا تھا جو سفر پہلے دن کی نسبت زیادہ لمبا تھا۔ میں نے آپ کی بات کو مد نظر رکھتے ہوئے پٹرول

Qureshi Rohani.world

ڈلواتے وقت سورۃ کوثر پڑھ لی جب اس سفر سے واپس آیا تو یہ دیکھ کر حیران ہو گیا کہ آج صرف پندرہ سو روپے کے پٹرول میں ہی آنا جانا ہو گیا ہے حالانکہ سفر تو کل کی نسبت زیادہ لمبا تھا۔ (ارشد خان صاحب)

## اب موٹر سائیکل پنکچر نہیں ہوتی

میں جب تسبیح خانے میں شروع میں آیا تو یہاں درس میں سورۃ کوثر کے بہت کمالات سنے اور میں نے بھی صبح و شام پڑھنی شروع کر دی۔ حتیٰ کہ میں اپنی ہر چیز پر سورۃ کوثر کا دم کرتا ہوں اور اس کا یہاں تک فائدہ ہوتا ہے کہ میری موٹر سائیکل جو پہلے اکثر ہی پنکچر ہو جاتی تھی اب نہیں ہوتی۔ (فاروق صاحب)

## ٹائر میں کیل لگنے کے باوجود موٹر سائیکل 8 دن چلتی رہی

السلام علیکم! چند دن پہلے کی بات ہے کہ تقریباً دو ماہ کے بعد موٹر سائیکل کے ٹائر میں ہوا کم ہو گئی تھی۔ مجھے ایسے معلوم ہوا کہ ٹائر پنکچر ہو گیا ہے۔ میں نے اپنے کاریگر سے کہا کہ میں موٹر سائیکل چیک کروانے جا رہا ہوں تم تالے وغیرہ لگا کر چلے جانا۔ وہ کہنے لگا کہ آپ تو ہر چیز پر اعمال کا دم کرتے ہیں پھر موٹر سائیکل کیسے خراب ہو گئی؟ میں نے کہا بھئی دو ماہ کے بعد ٹائر میں ہوا کم ہوئی ہے اس سے زیادہ اور کیا چاہیے۔ بہر حال میں مکینک کے پاس گیا تو وہاں رش بہت زیادہ تھا وہ مکینک بولا کہ آپ فی الحال اس میں ہوا بھروا لو مجھے ابھی فرصت نہیں ہے بعد میں آ کر پنکچر چیک کروا لینا۔ میں نے سورۃ کوثر پڑھتے ہوئے ہوا بھروالی اور ٹائر بہت ٹائٹ ہو گیا۔ اسکے بعد میں مصروف ہو گیا اور اس موٹر سائیکل پر ہم کبھی دو اور کبھی تین افراد بیک وقت سفر کرتے رہے لیکن ٹائر کی نہ تو ہوا کم ہوئی اور نہ ہی کچھ اور مسئلہ ہوا۔ پورے سات دن کے بعد میری ٹائر پر نظر پڑی تو مجھے اس میں ایک کیل نظر آیا وہ کیل جونہی میں نے کھینچا تو ساری ہوا نکل گئی لیکن سات دن اس کیل کے باوجود اللہ کے نام کی برکت سے بائیک بالکل صحیح سلامت چلتی رہی۔

(منصور احمد صاحب۔۔۔لاہور)

Qureshi Rohani.world

## دوست کو منہ پر موٹے دانوں سے شفاء

دو دن پہلے میں اپنے دوست کے ساتھ موٹر سائیکل پر لاری اڈے کی طرف جا رہا تھا راستے میں بہت زیادہ رش تھا۔ میں نے مین روڈ کی بجائے کوئی دوسرا راستہ اختیار کیا تو میرا دوست کہنے لگا کہ ہم اس راستے میں بھی پھنس جائیں گے لیکن میں نے اس کی نہ سنی۔ آگے گئے تو واقعی روڈ بلاک تھا۔ وہ کہنے لگا کہ میں نے کہا تھا کہ ہم پھنس جائیں گے۔ میں نے کہا ٹینشن نہ لو ان شاء اللہ ہم نکل جائیں گے اور ساتھ ہی میں نے سورۃ کوثر پڑھنا شروع کردی۔ میں سورۃ کوثر پڑھتا گیا اور ہمیں راستہ ملتا گیا۔ جب ہم رش میں سے نکل گئے تو آگے جا کر میں نے اسے بتایا کہ سورۃ کوثر کی بدولت ہم وہاں سے نکلے ہیں۔ (ق۔ص)

## ٹریفک کھلی اور صرف ہم گزر سکے

ایک بار میں اپنے دوست کے ہمراہ موٹر سائیکل پر باتیں کرتے کرتے یادگار چوک میں پہنچے تو رش کی وجہ سے راستہ بند تھا۔ میں نے کہا چلو اب ہم دونوں مل کر سورۃ کوثر پڑھتے ہیں۔ ہم دونوں نے سورۃ کوثر پڑھنا شروع کردی لیکن راستہ نہیں کھل رہا تھا۔ میں نے دل ہی دل میں دعا کی کہ یااللہ! شاید میرے پڑھنے میں کوئی کمی آرہی ہے اور میرا دوست بھی پڑھ رہا ہے اس کا پڑھنا قبول فرمالیں اور یہ راستہ کھول دے۔ ہم نے فٹ پاتھ کے اوپر بائیک چڑھائی لی تو آگے بہت زبردست لڑائی ہورہی تھی جس کی وجہ سے یہ ساری پریشانی بنی ہوئی تھی۔ خیر ایک دم راستہ بنا اور صرف ہماری بائیک وہاں سے گزر گئی باقی سب وہیں کے وہیں کھڑے رہے۔ میرا دوست بھی حیران ہوگیا کہ واقعی اللہ کے کلام میں بڑی تاثیر ہے۔ (منصور احمد صاحب، لاہور)

## بغیر پٹرول کے موٹر سائیکل منزل تک پہنچ گئی

السلام علیکم! پچھلے دنوں میں جب موٹر سائیکل پر سفر کر رہا تھا تو گرجا چوک کے پاس میری بائیک کا پٹرول ختم ہوگیا۔ میں نے اس کی چوک اٹھا کر سٹارٹ کی لیکن

Qureshi Rohani.world

پٹرول بالکل ہی نہیں تھا۔ میں نے اس نیت سے سورۃ کوثر مسلسل پڑھنا شروع کر دی کہ آر اے بازار والے پٹرول پمپ سے جا کر پٹرول ڈلواؤں گا تو میری بائیک بآسانی وہاں تک پہنچ گئی حالانکہ بغیر پٹرول کے وہاں تک پہنچنا ناممکن تھا۔

**(محمد ثاقب صاحب، لاہور)**

## 1 لیٹر میں ڈیڑھ سو کلو میٹر کا سفر

میں سورۃ کوثر کا عمل پڑھتا ہوں۔ جس کی برکت یہ ہوئی ہے کہ اگر عام موٹر سائیکل میں پٹرول ڈالوایا جائے تو وہ زیادہ سے زیادہ 70 کلو میٹر تک فاصلہ طے کرتی ہے لیکن میری موٹر سائیکل جس میں 7 بار سورۃ کوثر پڑھ کر جب پٹرول ڈلواتا ہوں تو وہ الحمدللہ! ڈیڑھ سو کلو میٹر کا فاصلہ طے کرتی ہے۔ **(محمد یوسف صاحب، لاہور)**

## ہر ماہ 25 ہزار بچ جاتے ہیں اور اب مقروض نہیں ہوتا

السلام علیکم! میں نے اپنے کسی رشتہ دار کے ذریعے یہاں سے برکت والی تھیلی منگوائی تھی اور اس میں اپنی ساری تنخواہ (70 ہزار روپے) جو بھی بنتی تھی اس میں ڈال دیتا ہوں اور صبح و شام 129 بار سورۃ کوثر والا عمل پڑھتا ہوں۔ جب بھی پیسے نکالوں یا رکھوں تو سورۃ کوثر پڑھ لیتا ہوں۔ پہلے میں 25 تاریخ کے بعد مقروض ہو جاتا تھا لیکن اب ایسا کچھ نہیں ہوتا بلکہ 25,30 ہزار روپے بچ جاتے ہیں۔ ہم دوستوں نے اپنے شہر میں اعمال کا ایک کلب بنایا ہوا ہے۔ ہم اس کے ذریعے بہت سے اعمال لوگوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ **(پروفیسر صاحب)**

## ایسی جگہوں سے پیسوں کا انتظام کہ خود حیران

السلام علیکم! میں نے درس میں سورۃ کوثر کے کمالات کے بارے میں سنا تھا۔ تب سے میں نے بھی صبح و شام اول و آخر درود شریف کے ساتھ 129 بار سورۃ کوثر والا عمل پڑھنا شروع کر دیا۔ جب بھی تھیلی میں پیسے رکھتا یا نکالتا ہوں تو ایک بار اس پر بھی سورۃ کوثر پڑھ لیتا ہوں۔ الحمدللہ اس کی برکت سے مجھے پہلی بار پندرہ

Qureshi Rohani.world

سو روپے ملے اور میں نے ان پیسوں سے اپنا ایڈمیشن کروالیا۔اب جب کبھی بھی پیسوں کی ضرورت ہوتی ہے تو میں یہ عمل پڑھنا شروع کر دیتا ہوں۔اللہ پاک اس کی نسبت سے اپنے غیب کے خزانوں سے پیسوں کا انتظام کر دیتا ہے اور ایسی جگہوں سے پیسے ملتے ہیں کہ جہاں سے گمان بھی نہیں ہوتا۔

## سٹوڈنٹس کو پیسے ملنے لگے

سورۃ کوثر والا عمل میں نے اکیڈمی میں اپنے سٹوڈنٹس کو بتایا۔جن میں سے چند آکر کہنے لگے کہ سر جی! آپ نے ہمیں برکت والا عمل (129 مرتبہ سورۃ کوثر والا عمل) بتادیا ہے کہ اس کی برکت سے تو ہمیں پیسے ملنا شروع ہو گئے ہیں۔

ایک سٹوڈنٹ کہنے لگا کہ ہمارے گھریلو حالات بہت خراب تھے اور کئی دنوں تک ہمارے پاس پیسے نہیں ہوتے تھے لیکن جب سے سورۃ کوثر والا عمل پڑھنا شروع کیا ہے اس سے ہمارے حالات ٹھیک ہونا شروع ہو گئے ہیں۔وہ سب حضرت جی دامت برکاتہم کو بہت دعائیں دیتے ہیں۔**(پروفیسر رضا صاحب)**

## کم پٹرول سے سینکڑوں کلومیٹر کا سفر کریں

میں نے سورۃ کوثر کے بہت سے فوائد پائے ہیں۔جن میں سے ایک گاڑی کا بھی ہے کہ جب بھی میں پٹرول پمپ سے گاڑی میں پٹرول یا سی این جی ڈلواتا ہوں اس پر مسلسل سورۃ کوثر پڑھتے ہوئے پھونک مار دیتا ہوں۔الحمدللہ! اس عمل کی برکت سے میری گاڑی جو پہلے چند کلومیٹر کا سفر کرتی تھی اب سینکڑوں کلومیٹر چلنے لگی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ میرے رزق میں کشادگی آنا شروع ہوگئی ہے۔

**(معین الدین صاحب)**

## ناقابل واپسی پیسے خود بخود مل گئے

السلام علیکم! میرے ابو نے کسی بندے سے پیسے لینے تھے کئی بار مطالبہ کرنے کے باوجود بھی وہ بندہ پیسے دینے کا نام نہیں لے رہا تھا۔میری والدہ نے سورۃ کوثر پڑھ کر

Qureshi Rohani.world

اس بندے کو ہدیہ کرنا شروع کر دی۔ کچھ ہی دنوں بعد اس بندے نے خود ہی فون کیا کہ جناب! میں فلاں جگہ کھڑا ہوں آ کر مجھ سے پیسے لے جائیں۔

(محمد عمر صاحب، لاہور)

## بند راستے کھلنے کیساتھ آسانیاں بھی

میں جب کبھی بھی ٹریفک میں پھنس جاؤں جیسے آج درس میں آتے ہوئے رش کی وجہ سے پھنس گیا تھا تو حضرت صاحب دامت برکاتہم کا عنایت کردہ وظیفہ سورۃ کوثر پڑھتا ہوں جس کی برکت سے راستہ کھل جاتا ہے اور جب بھی میرے پاس پیسے ختم ہو جائیں تو تب بھی سورۃ کوثر والا عمل پڑھتا ہوں۔ اللہ کا فضل ہے کہ اس کی برکت سے میرا مسئلہ حل ہو جاتا ہے اور اللہ پاک آسانیاں پیدا فرما دیتا ہے۔ شکر الحمد للہ!

(عامر صاحب، لاہور)

## سورۃ کوثر اور برکت والی تھیلی کے فوائد

السلام علیکم! میں کراچی سے آیا ہوں۔ رمضان میں بھی حضرت جی دامت برکاتہم کی خدمت میں حاضر ہوا تھا۔ حضرت جی دامت برکاتہم سے سورۃ کوثر اور برکت والی تھیلی کا عمل ملا جس کے لاتعداد مشاہدات ہوئے ہیں۔ ان میں سے چند ایک بیان کرتا ہوں۔ میں نے کراچی جا کر برکت والی تھیلیاں لوگوں میں بانٹنا شروع کر دیں۔ ایک تھیلی ایک ایسے صاحب کو دی جن کو میں پہلے سے جانتا تھا کہ ان کا ماضی بہت شاندار ہوتا تھا لیکن اس وقت ان کے حالات کچھ ناساز تھے ان کو عمل کی ترکیب سمجھا دی۔ عید کے بعد وہ پھر ملے اور گھر آ کر شکریہ ادا کیا اور کہنے لگے کہ یقین ہو گیا ہے کہ اسکی بدولت اللہ پاک رزق میں برکت عطا فرماتا ہے۔ پھر ان کی اہلیہ بھی ہمارے گھر آ کر میری بیوی سے کہنے لگیں ''بھابی میری شادی کو 20 سال ہو گئے ہیں اور ان 20 سالوں میں پہلی عید ہے جس پر میرے خاوند نے مجھے دو سوٹ

Qureshi Rohani.world

بنا کر دیئے ہیں جس کا میں کبھی تصور بھی نہیں کر سکتی تھی''۔

اسی گھر میں ان کے بھائی کو بھی میں نے برکت والی تھیلی دے کر عمل کی ترکیب سمجھا دی۔ ان کو یقین نہیں تھا کہ سورۃ کوثر کے اس چھوٹے سے عمل سے اتنے بڑے بڑے فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ وہ بھائی کہتے تھے کہ ہزار کوشش کے باوجود بھی میں ایک موبائل بھی نہیں خرید سکتا تھا۔ جیسے ہی یہ عمل کیا اللہ پاک نے میری تنخواہ میں اتنی برکت ڈال دی ہے کہ میں نے موبائل اور فریج خرید لی ہے جو میرے لئے بالکل ناممکن تھا۔

## مدرسے کیلئے 1 سال کا غیب سے اخراجات کا انتظام

میں نے کراچی میں ایک مدرسے کے مہتمم صاحب کو رمضان میں سورۃ کوثر والا عمل بتایا اور برکت والی تھیلی کا ہدیہ دیا۔ جب رمضان کے بعد ان سے ملاقات ہوئی تو وہ فرمانے لگے کہ میں لیاقت پور کے مدرسے کیلئے بہت پریشان تھا لیکن سورۃ کوثر کی برکت سے اللہ پاک نے پورے ایک سال کے رزق کا غیب سے انتظام فرما دیا ہے اور الحمدللہ! اب مجھے مدرسے کے سلسلے میں کسی سے بھی سوال کرنے یا پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں رہی۔ کیونکہ اب اللہ پاک سے سورۃ کوثر کی شکل میں لینے کا طریقہ آ گیا ہے۔

**(سید شاہد حسین صاحب، کراچی)**

## لکھ سے لکھ اور سورۃ کوثر کے عمل سے پھر لکھ پتی بن گیا

میں نے رمضان کے شروع میں سورۃ کوثر اور برکت والی تھیلی کا عمل کیا تھا۔ میں بہت زیادہ تھیلیاں لوگوں میں جگہ جگہ بانٹ رہا تھا۔ ایک علاقے میں تھیلیاں بانٹتے ہوئے مجھے ایک صاحب ملے جو کہنے لگے کہ کیا آپ مجھے ایک سو روپے دے سکتے ہیں؟ میں ان کا یہ سوال سن کر بہت حیران ہوا کیونکہ ایک زمانے میں مَیں نے ان کے اچھے دن دیکھے ہوئے تھے اور ہمارے ان کے ساتھ بہت پرانے تعلقات تھے۔ میں نے وجہ پوچھی تو وہ بتانے لگے کہ آپ جانتے ہیں کہ میں بڑھئی ہوں؟ میں نے کہا جی ہاں! کہنے لگے کچھ عرصہ پہلے میرے کارخانے میں کچھ لوگ آ کر مجھ سے لکڑی کی کوئی چیز بنانے کیلئے کہہ

Qureshi Rohani.world

گئے جو میں نے بنا دی اور وہ بغیر پیسے ادا کئے لے گئے۔ کچھ دنوں کے بعد دوبارہ آئے اور کچھ اور بنوانے کا مطالبہ کیا تو میں نے معذرت پیش کی۔ بس اسی معذرت کی وجہ سے انہوں نے میرے پورے کارخانے کو آگ لگا دی۔ حتیٰ کہ میرے اوزار بھی سارے جل گئے، اب میں روڈ پر آ گیا ہوں۔ میں نے انہیں 100 روپے ہدیے کی نیت سے دیئے اور ساتھ ہی برکت والی تھیلی کا عمل بھی دے دیا اور آگے چل دیا۔

عید کے بعد جب ان صاحب سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے خوشی سے مجھے گلے لگایا اور شکریہ ادا کرتے ہوئے کہنے لگے اللہ آپ کو جزائے خیر دے۔ میں نے کہا کیا ہوا؟ وہ مسرت سے بتانے لگے کہ جب میں نے آپ سے تھیلی لی گھر جا کر میں اور میری اہلیہ تین دن مسلسل سورۃ کوثر کا عمل پڑھتے رہے۔ تین دن تو کچھ نہ ملا مگر چوتھے دن سے وہ ملنا شروع ہوا جو آج تک مل رہا ہے اور ان شاء اللہ آئندہ بھی ملتا رہے گا۔ چوتھے دن مجھے ایک صاحب کا فون آیا کہ لکڑی کا کچھ کام کروانا ہے، آپ کر دیں گے؟ میں نے کہا جی ضرور کروں گا۔ کہنے لگے فلاں جگہ آ جائیں۔ میں وہاں چلا گیا تو وہ مجھے ساتھ لے گئے اور جا کر صرف دو گھنٹے کام کرنے پر مجھے 15 سو روپے ادا کئے۔ ذرا اندازہ کریں کہ اس بندے کی خوشی کا کیا عالم ہوگا جو تین دن پہلے ایک سو روپے ادھار مانگ رہا تھا اور آج اللہ پاک نے اسے باعزت طریقے سے 15 سو روپے عطا فرما دیئے۔

اس کے بعد وہی صاحب کہنے لگے کہ میری بہن کے گھر بھی لکڑی کا کام کروانا ہے آپ وہ بھی کر دیں گے؟ میں نے جا کر وہاں بھی کام کیا اور 2 دن کام کرنے پر مجھے اللہ پاک نے چھ ہزار عطا فرمائے۔ پھر انہوں نے کہا کہ ہماری والدہ کے گھر بھی کام کر دیں۔ میں نے وہاں بھی کام کیا۔ اب کارخانہ جل چکا تھا لوگوں کے گھروں میں کام کرنے سے ہی اللہ پاک نے مجھے ماہ رمضان میں تقریباً 28 ہزار روپے عطا فرمائے۔

پھر وہ صاحب بتانے لگے کہ میں چاہتا تھا کہ مجھے ایک سنار کی دکان پر کام مل

Qureshi Rohani.world

جائے لیکن وہ مجھے کام نہیں دیتا تھا۔ جب میں نے سورۃ کوثر پڑھنا شروع کی تو اس کے پاس گیا اور پھر کام مانگا۔ انہوں نے کہا ٹھیک ہے تم مجھے ایک ماڈل بنا کر دکھاؤ تو پھر بتاؤں گا۔ میرے پاس اوزار تو نہیں تھے۔ اللہ پاک نے سورۃ کوثر کی برکت سے ہی اس کے دل میں نرمی ڈال دی اور اس نے میرے ساتھ اپنا ایک آدمی بھیج دیا۔ میں اوزار لایا اور ایک نمونہ بنا کر جب اسے دکھایا تو وہ اتنا خوش ہوا کہ فوراً ہی مجھے سوا لاکھ روپے کے کام کا آرڈر دے دیا۔ الحمدللہ ثم الحمدللہ!

اس طرح کے اور بھی بہت سے واقعات ہیں جو فی الحال ذہن میں نہیں ہیں۔ کبھی موقع ملا تو ان شاء اللہ بتاؤں گا۔ (سید شاہد حسن صاحب، کراچی)

## سورۃ کوثر سے 1 ماہ کا راشن 3 ماہ چلنے لگا

حضرت جی! ہم جب بھی گھر کیلئے راشن لاتے ہیں تو اس پر 129 بار سورۃ کوثر والا عمل پڑھ کر پھونک مار دیتے ہیں۔ جس کی ایسی برکت ہوتی ہے کہ ایک ماہ کے راشن سے تقریباً اڑھائی تین ماہ گزر جاتے ہیں۔ کچھ چیزیں تو ایسی ہوتی ہیں کہ جب ہمیں ان کی ضرورت پڑتی ہے تو وہ ہمیں کچن سے مل جاتی ہیں اور ہم کہتے ہیں کہ یہ چیز کب اور کہاں سے آئی ہے۔ تقریباً تین ماہ بعد میری اہلیہ کہتی کہ فلاں چیز ختم ہوگئی ہے وہ لے آئیں۔ (ج۔م)

## ضرورت کے وقت تھیلی سے 10 ہزار نکل آئے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

میرا نام کاشف بھٹی ہے اور کوہاٹ کا رہائشی ہوں۔ میں برکت والی تھیلی کے متعلق بتانا چاہتا ہوں کہ سورۃ کوثر مع بسم اللہ کے ساتھ صبح و شام 129 مرتبہ پڑھتا تھا تو اس کی برکت سے مجھے 10 ہزار روپے بھی چاہئیں ہوں تو مجھے معلوم ہے کہ میری برکت والی تھیلی میں اتنے پیسے نہیں ہیں لیکن جب میں تھیلی سے پیسے نکالنے لگتا ہوں اللہ پاک اپنے غیب کے خزانوں سے میری ضرورت کے مطابق پورے پیسے دے دیتے ہیں اور

Qureshi Rohani.world

مجھے پتہ بھی نہیں ہوتا کہ یہ پیسے کیسے آ گئے ہیں۔ یہ سب سورۃ کوثر والے عمل کی برکت اور آپ دامت برکاتہم کی دعاؤں کا نتیجہ ہے۔

## برکت والی تھیلی واقعی لاجواب ہے

میں نے اپنے شہر کے بہت سے لوگوں اور رشتہ داروں میں برکت والی تھیلیاں تقسیم کرتے ہوئے انہیں 129 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھنے کا عمل بتایا تھا۔ کچھ عرصے بعد جب میں گھر گیا تو بہت سے لوگوں نے بتایا کہ واقعی یہ برکت والی تھیلی بہت ہی لاجواب ہے۔ اس سے ہماری ضروریات کے مطابق پیسے اکٹھے ہوتے رہتے ہیں جبکہ پہلے ہمارے گھر تنخواہ یکم تاریخ کو آتی تھی اور پانچ تاریخ کو ختم ہو جاتی تھی لیکن اب الحمدللہ! پورا مہینہ تنخواہ بآسانی چلتی رہتی ہے۔ **(کاشف بھٹی صاحب، کوہاٹ)**

## بیروزگار نے اپنا کاروبار شروع کرلیا

میرے پاس کوئی کام نہیں تھا اور عرصہ دراز سے بیروزگار تھا۔ میرے سسرال والے بھی کہتے تھے جب کوئی کام کرو گے تو آ کر اپنی بیوی کو لے جانا۔ حضرت حکیم صاحب نے درس میں برکت والی تھیلی کی برکات کے بارے میں ارشاد فرمایا تو میں نے برکت والی تھیلی لے کر اس پر روزانہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 129 بار صبح و شام سورۃ کوثر پڑھ کر دم کرنا شروع کر دیا۔ جس کی برکت سے ایسی نعمتیں ملی ہیں کہ اب میں نے صرف دو ہفتوں میں اپنا چھوٹا سا کاروبار شروع کرلیا ہے اور میری برکت والی تھیلی سے اب پیسے ختم نہیں ہوتے۔ **(محمد ذیشان صاحب، اوکاڑہ)**

## بغیر پٹرول کے موٹر سائیکل منزل تک پہنچ گئی

میرے استاد صاحب کہیں سفر کر رہے تھے کہ راستے میں ان کی موٹر سائیکل میں پٹرول ختم ہو گیا۔ ان کی ٹینکی کا ڈھکن کھول کر انہوں نے 11 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھ کر اس پر پھونک مار کر موٹر سائیکل سٹارٹ کی تو وہ تقریباً 10 کلومیٹر آگے پٹرول پمپ تک پہنچ گئے۔

**(حمیداللہ صاحب)**

Qureshi Rohani.world

## غریب کی بیٹی کی شادی میں اللہ کی مدد

میرے سسر صاحب جو بہت ہی غریب ہیں وہ مجھے ایک بار بتانے لگے کہ میری بیٹی کی شادی تھی اور ہم نے بہت کم مہمانوں کو دعوت دی تھی لیکن بارات اور ہماری طرف سے بلائے گئے مہمان اتنے زیادہ ہو گئے کہ کھانا بہت ہی کم پڑ گیا جو ان سب کیلئے نہ ہونے کے برابر تھا۔ میں نے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی کتاب میں سورۃ کوثر والا عمل پڑھا ہوا تھا۔ میں نے کھلی سورۃ کوثر پڑھ کر کھانے والے برتنوں میں پھونک ماردی۔ اس کی برکت سے الحمدللہ سب مہمانوں نے خوب پیٹ بھر کر کھانا کھایا اور ہم نے بیٹی کے ساتھ بھی دو دیگیں کھانے کی بھیجیں یہاں تک بہت سا کھانا بچ کر گھر بھی آ گیا۔ (محمد یٰسین صاحب، لاہور)

☆......☆......☆

Oureshi Rohani.world

# سورۃ کوثر کے عمل کی ترتیب

## سورۃ الکوثر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ O فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ O اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ O

طریقہ عمل: کپڑے کی ایک عدد تھیلی جو با آسانی جیب میں آ سکے اس پر صبح وشام 129، دفعہ سورۂ کوثر مع تسمیہ اور اول و آخر 7، 7 بار درود شریف پڑھ کر دم کریں۔

اس کے علاوہ دن میں جتنی دفعہ بھی تھیلی میں نوٹ ڈالیں یا نکالیں ایک دفعہ سورۂ کوثر پڑھ کر دم کرلیا کریں۔ بجلی وگیس کا میٹر، گھر کا راشن، گاڑی میں پٹرول، موبائل میں بیلنس یا اور کسی بھی قسم کی خرید وفروخت کرنے سے پہلے ایک بار سورۃ کوثر ضرور دم کریں۔ یہ عام معمول کی زندگی کا عمل ہے جس سے لاکھوں لوگوں کو فائدہ ہوا اور ہو رہا ہے۔ آپ خود بھی یہ نہایت ہی آسان عمل زندگی میں لائیں اور صدقہ جاریہ اور برکت کو عام کرنے کی نیت سے دوستوں کو متعارف کرائیں اور خدا پاک کی غیبی مدد کا نظارہ اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔

# اولیائے کرام اور برکت والی تھیلی

گزشتہ دور کے صحابہ و اہل بیعت رضوان اللہ علیہم اجمعین، اولیا اکرام رحمہم اللہ کی زندگی میں برکت کی وجہ جہاں نیک اعمال تھے وہاں برکت والی تھیلی بھی ان کی ساتھی تھی۔ خصوصی دم کی ہوئی برکت والی تھیلی مفلس، غریب، نادار، تنگدست اور قرضوں میں ڈوبے ہوؤں کیلئے ایک انمول تحفہ اور خزانہ ہے۔ آپ تمام رقم تھوڑی ہو یا زیادہ اسی میں رکھیں اور نکالتے اور ڈالتے وقت تسمیہ کیساتھ ایک بار سورۂ کوثر پڑھ لیں کبھی برکت اور رقم ختم نہیں ہوگی۔ ''انشاء اللہ'' مرد اپنے ساتھ رکھ سکتے ہیں، عورتیں اپنے

Qureshi Rohani.world

پرس میں رکھ سکتی ہیں' گھر میں بھی رکھ سکتے ہیں۔ روزانہ 129 دفعہ صبح وشام سورۃ کوثر مع تسمیہ پڑھ کر اسی تھیلی پر دم کر دیں' یہ عمل دن میں ایک بار بھی کر سکتے ہیں لیکن اگر دو بار کریں تو نفع زیادہ ہوگا۔ جتنا گڑ اتنا میٹھا۔ اگر تمام عمر کا معمول بنالیں تو پھر کمال دیکھیں۔ وضو بے وضو ہر حالت میں کر سکتے ہیں لیکن باوضو برکت زیادہ ہوگی۔ برکت والی تھیلی اگر میلی ہو جائے تو آپ اس کو دھو بھی سکتے ہیں۔

نوٹ: حضرت حکیم صاحب کی طرف سے اس عمل کی تمام خواتین اور مرد حضرات کو مکمل اجازت ہے اور یہ بھی اجازت ہے کہ آپ دوسرے لوگوں کو بھی اس عمل کی اجازت دے سکتے ہیں۔

# رمضان المبارک کا مخصوص عمل

1۔ صبح وشام 129 مرتبہ سورۃ کوثر مع تسمیہ اول وآخر درود شریف 7 بار۔

2- چاندرات کو 313 دفعہ سورۃ کوثر مع تسمیہ اول وآخر درود شریف 7,7 بار رات کے کسی بھی حصے میں۔

3- دسواں روزہ گیارہویں کی رات 313 دفعہ سورۃ کوثر مع تسمیہ اول وآخر درود شریف 7,7 بار۔

4- بیسواں روزہ اکیس رمضان کی رات بھی 313 دفعہ سورۃ کوثر مع تسمیہ اول وآخر درود شریف 7,7 بار۔

5- ستائیسویں شب 11 '11 بار اول وآخر درود شریف اور 1100 بار سورۃ کوثر۔

6- عید والے دن عید کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد 313 دفعہ سورۃ کوثر مع تسمیہ اول وآخر درود شریف 7،7 بار۔

(نوٹ) اگر یہ عمل کسی مجبوری کے پیش نظر رات میں نہ ہوسکیں تو دن میں بھی کر سکتے ہیں، سوائے 27 ویں شب کے عمل کے کہ وہ صرف رات ہی کو کرنا ہے۔

Qureshi Rohani.world

1100 مرتبہ سارے گھر کے افراد انفرادی طور پر بھی پڑھ سکتے ہیں یا چند افراد مل کے پڑھ لیں اور برکت والی تھیلی پر دم کر دیں اور دعا کر کے پھر سو جائیں۔

خواتین ایام کے دنوں میں یہ عمل نہ کریں بلکہ بعد میں اس کی قضا کر لیں۔ درود شریف جو بھی آسانی سے یاد ہو پڑھ سکتے ہیں۔

☆تسمیہ ”بسم اللہ الرحمن الرحیم “ کو کہتے ہیں۔

☆......☆......☆

Oureshi Rohani.world